www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 جمعرات ، 26 نومبر 2026ء ،16 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 211

افغانستان کے بدلتے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جامع اور پائیدار حکمت عملی ضروری ہے ،سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز

افغانستان کی بدلتی صورتحال سے نمٹنے کیلئے جامع اور پائیدار حکمت عملی ناگزیر ہے، مقررین

محض طاقت کا استعمال مسئلے کا حل نہیں، ایران اور بھارت کی طرح افغانستان سے مسلسل سفارتی روابط رکھنا ہوں گے ، ڈاکٹر آمنہ خان

ٹی ٹی پی سے لاحق خطرات کے پیشِ نظر وسیع تر تزویراتی تناظر میں پالیسی بنانے اور دوحہ معاہدے پر عالمی عملدرآمد کی ضرورت ہے، سیمینار سے خطاب

Emerging Technologies
CASS
Strategic Foresight

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) میں منعقدہ سیشن کے شرکاء کا گروپ فوٹو

اسلام آباد(این ای این) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) نے افغانستان کے بدلتے سیاسی، سکیورٹی اور معاشی حالات سے نمٹنے کے لیے جامع اور پائیدار حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ سی اے ایس ایس کی جانب سے 17 نومبر کو افغانستان، ایک دہائی بعد: استحکام، انتشار یا تزویراتی ازسرنو سمت؟ پاکستان اور خطے کے لیے مضمرات' کے عنوان سے کیٹالسٹ (بقیہ نمبر 1)

حکومت کو اپوزیشن کی تنقید برداشت کرنی چاہیے

بلاول بھٹو کا مولانا فضل الرحمٰن سے رابطہ، رہائش گاہ کے پولیس محاصرے پر اظہار یکجہتی

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ گفتگو کے دوران مولانا فضل الرحمٰن نے بلاول بھٹو زرداری کو لاہور میں اپنی رہائش گاہ کے پولیس محاصرے سے آگاہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کے پولیس محاصرے پر ان سے اظہار یکجہتی کیا اس سے پہلے چند روز قبل بلاول بھٹو جمعیت علمائے اسلام کے خلاف حکومتی (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کیلئے 25 کروڑ ڈالرز قرض کی منظوری

ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق قرض پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ نظام کی بہتری کیلئے منظور کیا گیا ہے

اسلام آباد(آئی آئی پی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے 25 کروڑ ڈالرز قرض کی منظوری دے دی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق قرض پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ نظام کی بہتری کے لیے منظور کیا گیا ہے، اے ڈی (بقیہ نمبر 10)

فضائی آلودگی دوبارہ بڑھ گئی لاہور دنیا بھر میں سرفہرست

لاہور کا مجموعی اوسط ایئر کوالٹی انڈیکس 318 ریکارڈ کیا گیا ہے، تاہم شہر کے متعدد علاقوں میں صورتحال انتہائی تشویشناک ہے

لاہور(اے ایف بی) پنجاب بھر کی فضا ایک بار پھر شدید آلودہ ہونے لگی ہے، جس کے باعث شہریوں کو سانس لینے اور آنکھوں میں جلن جیسی شکایات کا سامنا ہے۔ صوبائی دارالحکومت لاہور دنیا کے بڑے (بقیہ نمبر 9)

سپارکو کی جانب سے سپارکو مشن ہب انٹرنیٹ پورٹل جاری

عوام مشن ڈیش بورڈ کے ذریعے خلائی سٹیشن کے ماڈیولز، مشن ٹائم لائن اور کاؤنٹ ڈاؤن کلاک سمیت اہم معلومات دیکھ سکتے

اسلام آباد(این این آئی) سپارکو کی جانب سے سپارکو مشن ہب انٹرنیٹ پورٹل جاری کر دیا، سپارکو مشن ہب کے مطابق سپارکو مشن ہب انٹرنیٹ پورٹل جاری کر دی گئی ہے، شہری (بقیہ نمبر8)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا لائیو ای۔کچہری کا انعقاد

غیر قانونی کٹوتی کیخلاف آواز بلند کریں، روبینہ خالد

بی آئی ایس پی میں سروے یا رجسٹریشن کی کوئی فیس نہیں یہ بالکل مفت ہے، سروے صرف اور صرف بی آئی ایس پی دفتر میں قائم ڈی آر سی پر ہوتا ہے؛ ایک مرتبہ سروے ہونے کے بعد 2 سال سے قبل دوسرا سروے ممکن نہیں

صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر نئے ادائیگی کے نظام میں انٹرآپریبلٹی متعارف کروائی؛ اب خواتین بینفشریز اپنی سہولت کے مطابق اپنی مرضی کے مجاز پارٹنر بینک کے ریٹیلر سے کبھی بھی رقم وصول کر سکتی ہیں

کوئی شخص اگر آپ کو پیسے روکنے کی دھمکی دے تو فوری طور پر بی آئی ایس پی شکایت کریں، بطور چیئرپرسن میرے پاس بھی کسی شخص کو پروگرام میں شامل کرنے یا اس کے پیسے روکنے کا اختیار نہیں ہے، سینیٹر روبینہ خالد

لاہور(این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں پروگرام کے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ کے ذریعے لائیو ای۔کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ملک بھر سے 25 شہریوں نے ٹیلی فون پر اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ چیئرپرسن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی تمام شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے ان کی رپورٹ پیش کی جائے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق خواتین کو آگاہ کیا کہ بی آئی ایس پی کا ڈائنامک سروے بالکل مفت ہے، اس کے لیے نہ کوئی فارم ہے اور نہ ہی کوئی فیس وصول کی جاتی ہے۔ سروے صرف بی آئی ایس پی کے دفاتر میں قائم ڈائنامک رجسٹریشن سینٹرز (DRCs)(بقیہ نمبر19)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا لائیو ای۔کچہری کا انعقاد

مسلح افواج کی پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کی تاریخی کامیابی پر مبارکباد

پاک چین دوستی آج زمین کی حدود سے آگے خلا تک نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی(این این آئی) مسلح افواج کے سربراہان نے پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کی تاریخی کامیابی پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک چین دوستی آج زمین کی حدود سے آگے خلا تک نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو اور کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کی جانب (بقیہ نمبر 11)

ریسکیو کی گئی نایاب بلائنڈ ڈولفن دریائے سندھ میں چھوڑ دی گئی

سکھر (این این آئی) سکھر سے نایاب بلائنڈ ڈولفن راستہ بھٹک کر خیرپور کی علی نواز واہ آر ڈی 100 کے مقام پر پہنچ گئی، ریسکیو حکام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے بلائنڈ ڈولفن کو دریائے سندھ میں چھوڑ دیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق نایاب بلائنڈ ڈولفن (بقیہ نمبر 12)

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) میں سینئر ڈائریکٹر سید کاظم عباس اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا واجبات کی وصولی تیز کرنے کا فیصلہ، نادہندہ الاٹیز کو ریڈ نوٹسز جاری ہوں گے

نادہندہ الاٹیز کو ریڈ نوٹسز جاری کرنے اور ذاتی شنوائی کا فیصلہ

نیلامی کے ذریعے پلاٹس لینے والے سرمایہ کاروں کو ڈاؤن پیمنٹ جلد جمع کرانے کی ہدایت، الاٹیز کو ذاتی شنوائی کا موقع بھی دیا جائے گا

ریکوری سیل کو تمام رہائشی منصوبوں کے بقایاجات کی وصولی کا ٹاسک سونپ دیا گیا، سینئر ڈائریکٹر سید کاظم عباس کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد(این ای این) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) میں ادارے کے تمام رہائشی منصوبوں میں واجب الادا رقوم کی وصولی کے عمل کو مؤثر اور تیز رفتار بنانے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت سینئر ڈائریکٹر سید کاظم عباس نے کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر اسٹاف فیض عمر سیال، ڈائریکٹر پلاننگ، ڈائریکٹر ریونیو، ڈائریکٹر لاء، ڈائریکٹر فنانس، تمام (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں ہفتۂ اقبال جاری، فلسفۂ خودی پر پینل ڈسکشن

علامہ اقبال محض ایک شاعر نہیں بلکہ ایک مکمل مکتبۂ فکر ہیں، طالبات تصورِ خودی کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں، وائس چانسلر ڈاکٹر طیبہ ظریف

اقبال کا پیغام نوجوان نسل کو اپنی صلاحیتوں کے ادراک اور قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی ترغیب دیتا ہے، پینل ڈسکشن سے مقررین کا خطاب

راولپنڈی(این ای این) راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی قیادت میں ''تو رازِ کن فکاں ہے'' کے عنوان سے ہفتۂ اقبال منایا جا رہا ہے، جس کے تحت مختلف علمی، ادبی اور تحقیقی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ 23 سے 27 نومبر تک جاری رہنے والا یہ پروگرام ہیلپنگ ہینڈ فار ریلیف اینڈ ڈیولپمنٹ پاکستان کے اشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ ہفتۂ اقبال کے (بقیہ نمبر 6)

ترک فضائیہ کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، پانچ اہلکار جاں بحق

حادثہ وسطی صوبے اسکی شہر میں پیش آیا، ملبہ مل گیا، تحقیقات شروع

انقرہ(این این آئی) ترک فضائیہ کا ایک فوجی ہیلی کاپٹر تربیتی مشن کے دوران گر کر تباہ ہو گیا جس کے نتیجے میں ہیلی کاپٹر میں سوار پانچ فوجی اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترک وزارتِ دفاع نے اپنے بیان میں تصدیق کی کہ ترک فضائیہ کا اے ایس پانچ سو بتیس فوجی ہیلی کاپٹر ملک کے وسطی صوبے اسکی شہر سے تربیتی پرواز کے لیے روانہ ہوا تھا کہ نامعلوم وجوہات کی بنا پر حادثے کا شکار ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی سرچ اینڈ (بقیہ نمبر 13)

5 ہزار روپے کے جعلی نوٹوں کے ذریعے شہری سے فراڈ کا انکشاف

کراچی(آئی آئی پی) کراچی میں 5 ہزار روپے کے جعلی نوٹوں کے ذریعے شہری سے فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ کراچی میں ملزمان نے آن لائن اشتہار کے ذریعے موبائل فون خریدا اور فروخت کرنے والے (بقیہ نمبر 14)

لاپتہ ہونے والے تین سالہ بچے کی نعش نہر سے برآمد

ڈی پی او میانوالی کا نوٹس، اعلیٰ سطحی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دیکر رپورٹ طلب کر لی

سرگودھا(این این آئی) اچانک لاپتہ ہونے والے تین سالہ بچے محمد آذان کی نعش کو قائدآباد کے مقام پر نہر سے برآمد کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اس واقعہ کا ڈی پی (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ سکیم: ورچوئل یونیورسٹی کے 2349 طلبہ کی تصدیق مکمل

راولپنڈی کے 128 طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم، ریکٹر ورچوئل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ارشد سلیم بھٹی نے طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے

؛ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی، ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ارشد سلیم بھٹی

دیگر اہل طلبہ میں لیپ ٹاپ کی تقسیم محکمہ ہائر ایجوکیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ضلعی سطح پر کی جائے گی

CM PUNJAB
LAPTOP DISTRIBUTION
CEREMONY
PHASE-II
UNIVERSITY OF PAKISTAN
Youth

ریکٹر ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان، پروفیسر ڈاکٹر ارشد سلیم بھٹی (ستارہ امتیاز، تمغہ امتیاز)، وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت منتخب طالب علم کو لیپ ٹاپ دیتے ہوئے

اسلام آباد(این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان کے 2ہزار 349 طلبہ کی تصدیق مکمل کر لی گئی ہے، جبکہ راولپنڈی ڈومیسائل کے حامل 128 منتخب طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کر دیے گئے۔ اس سلسلے میں ورچوئل یونیورسٹی کے ہیڈ آفس اسلام آباد میں خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ارشد سلیم بھٹی (ستارہ امتیاز، تمغہ امتیاز) نے طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ تقریب میں یونیورسٹی کے سینئر عہدیداران، اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ راولپنڈی کے 128 طلبہ کا انتخاب (بقیہ نمبر 4)

ڈینگی کے خاتمے کیلئے تمام محکمے فیلڈ میں عملی اقدامات تیز کریں

کاغذی کارروائی اور ناقص کارکردگی ہرگز برداشت نہیں ہوگی، زوہیب ممتاز

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (سوشل سروسز) زوہیب ممتاز کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی (ڈی ای آر سی) کا جائزہ اجلاس منعقد (بقیہ نمبر 53)

وزیراعلیٰ پنجاب: خواتین میری ریڈ لائن، کسی صورت تشدد برداشت نہیں ہوگا

دین اسلام نے سب سے پہلے عورت کو مکمل عزت، احترام اور حقوق دینے کے احکامات دیے، وزیراعلیٰ پنجاب

ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی عزت معاشرتی روایات اور مذہبی اقدار کا بنیادی حصہ ہے، خواتین پر تشدد کیخلاف عالمی دن پر پیغام

لاہور(این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ خواتین ان کی ریڈ لائن ہیں، ان کے خلاف تشدد یا ظلم کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی عزت معاشرتی روایات اور مذہبی اقدار کا بنیادی حصہ ہے، دین اسلام نے سب سے پہلے(بقیہ نمبر 15)

امن وامان کیلئے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کا احتجاجی کیمپ

سندھ میں قبائلی جھگڑوں کا بڑھتا ہوا رجحان ایک سنگین معاشرتی مسئلہ بنتا جا رہا ہے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور ایٹ کندھ کوٹ میں قبائلی تنازعات برادریوں کے درمیان جاری کشیدگی اور امن و امان کی خراب صورتحال کے خلاف سندھ یونائیٹڈ پارٹی ایس یو پی کی جانب سے کندھ کوٹ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم (بقیہ نمبر 3)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور عمان کے قونصل جنرل انجینئر سمیع عبداللہ سلم الجرمی عمان کے قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، جہاں وکیل صفائی نے موقف اختیار کیا کہ درخواست ضمانت کی یہ سوویں پیشی ہے، پراسیکیوشن ہر مرتبہ التواء (بقیہ نمبر 16)

عالیہ حمزہ کی پانچ سالہ سزا معطلی کی درخواست پر سماعت، عدالتی فیصلہ طلب

لاہور (این این آئی)لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ کی نو مئی کے مقدمے میں پانچ سالہ سزا معطل کرنے کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے درخواست گزار کے وکیل کو گوجرانوالہ کے نو مئی کیس میں ضمانت منظور ہونے کے فیصلے کی نقل پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ جسٹس (بقیہ نمبر 17)

آئندہ تعلیمی سال کیلئے 190 تدریسی دن لازمی قرار دینے کی تجویز

گرمیوں اور سردیوں کی تعطیلات میں کمی، امتحانات کیلئے 20 روز مختص کرنے کی سفارش

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے آئندہ تعلیمی سال کے لیے نیا تعلیمی کیلنڈر حتمی شکل دینے کے لیے تجویز تیار کرلی۔ مجوزہ کیلنڈر کے تحت طلبہ کو سال بھر میں کم از کم 190 روز تدریس فراہم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ امتحانات کے لیے الگ (بقیہ نمبر 20)

اختیارات سے تجاوز، شہری پر چاقو سے حملہ کرنے والا کانسٹیبل گرفتار

بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور(این این آئی) اختیارات سے تجاوز کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے، غازی آباد پولیس نے شہری پر چاقو سے حملہ کرنے کے الزام میں معطل کانسٹیبل طالب حسین کے خلاف اقدام قتل کی دفعہ کے تحت مقدمہ درج کر (بقیہ نمبر 21)

سستا آٹا بھی مہنگا، غریب کی روٹی پر بھی مہنگائی کا وار

1100 روپے والا تھیلا 1275 روپے کا ہو گیا، ایک ہی جھٹکے میں 175 روپے اضافہ

بجلی، گیس اور مہنگائی کے بعد اب آٹا بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور، شہریوں کا حکومتی فیصلے پر شدید احتجاج

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی پریشان عوام کو ایک اور جھٹکا، پنجاب حکومت نے سستے آٹے کے تھیلے کی قیمت میں یکمشت 175 روپے اضافہ کر دیا، جس کے بعد 1100 روپے میں ملنے والا تھیلا اب 1275 روپے میں فروخت ہونے لگا۔ غریب شہریوں کے لیے سستے آٹے کا حصول بھی مزید مشکل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق نئے سرکاری نرخوں کے اطلاق کے بعد(بقیہ نمبر 5)

بیٹی کی پیدائش پر خفا ماں نے نومولود کو گھر سے باہر پھینک دیا

دنیاپور(آئی آئی پی) دنیاپور میں بیٹی کی پیدائش پر خفا ماں نے نومولود کو گھر سے باہر پھینک دیا۔ اس حوالے سے ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ ماں نے بیٹی کو باہر پھینک کر پولیس کو 15 پر اغوا کی کال کر دی، خاتون نے بتایا 3 خواتین نے اسے نشہ آور شے سونگھا کر بچی کو اغوا کر لیا۔

ماتحت عدالتوں میں موسمِ سرما کی تعطیلات کے شیڈول میں تبدیلی

25 دسمبر کی بجائے 28 دسمبر سے 4 جنوری تک موسمِ سرما کی تعطیلات ہوں گی

لاہور (این این آئی)لاہور کی ماتحت عدالتوں میں موسمِ سرما کی تعطیلات کے شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی، جس کے تحت اب تعطیلات 25 دسمبر کے بجائے 28 دسمبر سے شروع ہوں گی۔ نئے شیڈول کے مطابق ماتحت عدالتوں میں 28 دسمبر سے 4 جنوری تک موسمِ سرما کی تعطیلات ہوں گی، جبکہ لاہور ہائی کورٹ میں تعطیلات 28 دسمبر سے 9 جنوری تک جاری رہیں گی۔ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے تعطیلات کے نئے شیڈول(بقیہ نمبر 54)

پاکستان میں چینی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے مشترکہ کمرشل ٹیم تشکیل دینے پر اتفاق

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے پاکستان میں تعینات چینی سفیر جیانگ زیڈونگ کی ملاقات ہوئی

وفاقی وزیر پٹرولیم نے ونگ کمانڈر محمد ذیشان علی کو چین کے تاریخی شینزو 24 خلائی مشن میں شرکت پر خصوصی مبارکباد بھی پیش کی

اسلام آباد: (اے ایف بی) پاکستان اور چین نے ایل پی جی پلانٹ اور پٹرول درآمدی منصوبوں سمیت توانائی کے اہم منصوبوں پر فوری عملدرآمد کرنے اور پاکستان میں چینی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مشترکہ کمرشل ٹیم تشکیل دینے پر اتفاق کیا ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے پاکستان میں تعینات چینی سفیر جیانگ زیڈونگ کی ملاقات ہوئی، جس میں طے پایا کہ تشکیل دی جانے والی مشترکہ کمرشل ٹیم توانائی کے منصوبوں پر پیش رفت تیز کرنے اور سرمایہ کاری کے لیے جامع روڈ میپ تیار کرے گی۔ دونوں ممالک نے(بقیہ نمبر 18)

ENERGY DEPARTMENT
nni

لاہور، صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ، سری گرونانک دیو جی کے 557 ویں پرکاش پورب کے موقع پر گوردوارہ سچا سودا پہنچنے والے سکھ یاتریوں سے ملاقات کر رہے ہیں

3 ہزار سے زائد سکھ یاتریوں کی گوردوارہ سچا سودا آمد

مذہبی رسومات کی ادائیگی اور پاکستان میں ملنے والی محبت پر اظہار تشکر

صفدر آباد(این این آئی) سکھوں کے روحانی پیشوا بابا گورو نانک کے 557ویں جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے بھارت اور اندرونِ سندھ سمیت دنیا بھر سے آئے 3000 ہزار سے زائد سکھ یاتریوں نے گوردوارہ سچا سودا کی یاترا کی۔(بقیہ نمبر 22)

حکومتِ پنجاب کی ترجیحات میں صحت کا شعبہ انتہائی اہمیت رکھتا ہے

کسی صورت ہسپتالوں کی کارکردگی اور معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا میں ڈی ایچ کیو (ڈاکٹر فیصل مسعود) ٹیچنگ اور گائنی سنٹر مولا بخش ہسپتالوں کی کارکردگی بہتر بنانے اور مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے غیر فعال اور کام چور اسٹاف کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے (بقیہ نمبر 23)

پنجاب زمین موبائل ایپ متعارف

زمین کی فرد ملکیت 2 منٹ میں حاصل کریں

پنجاب میں زمین کی فردِ ملکیت کے حصول کیلئے شہریوں کو اراضی ریکارڈ سنٹرز کے چکر لگانے سے نجات مل گئی

پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کے ڈیجیٹل نظام کے تحت شہریوں کو زمین کے ریکارڈ تک براہ راست رسائی فراہم کی جا رہی ہے

لاہور(آئی آئی پی) پنجاب میں زمین کی فردِ ملکیت کے حصول کے لیے شہریوں کو اراضی ریکارڈ سنٹرز کے چکر لگانے سے نجات مل گئی، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کی پنجاب زمین موبائل ایپ کے ذریعے گھر بیٹھے صرف 2 منٹ میں فرد حاصل کرنے کی سہولت فراہم کر دی گئی۔ نئی ڈیجیٹل سہولت کے تحت شہری شناختی کارڈ اور زمین کی تفصیلات درج کر کے آن لائن فیس ادا کرنے کے بعد اپنی تصدیق شدہ فرد موبائل فون پر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کے ڈیجیٹل نظام(بقیہ نمبر 55)

کراچی: بلوچ کالونی ایڈمن سوسائٹی میں 3 منزلہ منہدم ہونے والی بلڈنگ سے زخمی کو نکالا جا رہا ہے

سپیشل ایڈیشن
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

تحریر:

افتخار علی شاہ

محمد عمران حیدر

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا دورہ راولپنڈی

ترقی کے سفرکا تسلسل

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے دورے کے دوران متعدد عوامی فلاح کے مکمل کیے گئے منصوبوں کا افتتاح کیا

طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے، دورے کی خاص بات گرین بس سروس کے روٹس میں اضافے کیلئے نئی بسیں فراہم کرنا تھا



MPOWERING
CREATIVE MI

وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے 24 نومبر بروز منگل راولپنڈی شہر کا تفصیلی دورہ کیا۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے دورے کے دوران متعدد عوامی فلاح کے مکمل کیے گئے منصوبوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ دورے کی خاص بات گرین بس سروس کے روٹس میں اضافے کے لیے نئی بسیں فراہم کرنا تھا۔ وزیراعلی پنجاب کا دورہ راولپنڈی کے شہریوں کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

راولپنڈی جغرافیائی اعتبار سے پنجاب کا انتہائی اہم شہر ہے۔ وفاقی دارالحکومت کے ساتھ ملحق ہونے کی وجہ سے راولپنڈی جڑواں شہر کی حیثیت سے ملک بھر میں نمایاں اہمیت رکھتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے 2024 میں وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے بعد راولپنڈی کا دورہ کیا اور شہر کی ترقی کے لیے مختلف منصوبے شروع کیے۔ گرین بس سروس، سگنل فری کوریڈور منصوبہ، صاف پانی پروجیکٹ، ستھرا پنجاب پروگرام، اپنی چھت، اپنا گھر سکیم، راجہ بازار اربن بیوٹیفکیشن پروجیکٹ، کمرشل مارکیٹ اربن بیوٹیفکیشن پروجیکٹ، مختلف انڈر پاسز، فلائی اوورز سمیت شہر کی ترقی کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متعدد ترقیاتی منصوبے شروع کیے۔ طلبہ کے لیے لیپ ٹاپ سکیم اور ہونہار سکالرشپ پروگرام تسلسل سے جاری ہیں۔ رنگ روڈ منصوبہ تکمیل کے مراحل میں ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گزشتہ روز اپنے دورے کے دوران راولپنڈی میں گرین بس، کمرشل مارکیٹ اور راجہ بازار اربن بیوٹیفکیشن پروجیکٹس کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف بارانی یونیورسٹی میں منعقدہ 12ویں تقریب میں طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیر مہر علی شاہ بارانی یونیورسٹی میں گرین بس پراجیکٹ کا افتتاح طلبہ کے ہمراہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو اس موقع پر بتایا گیا کہ راولپنڈی میں 80 سے زائد الیکٹرو بس چلائی جارہی ہیں۔ کمرشل مارکیٹ میں الجنت روڈ تا ففتھ روڈ 1580 فٹ طویل بازار کی 47 کروڑ روپے کی لاگت سے بیوٹیفکیشن کی گئی ہے۔ کمرشل مارکیٹ کے مرکزی بازار اور ملحقہ گلیوں کو بھی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ کمرشل مارکیٹ بازار کے دونوں اطراف محرابی دیواروں کو گٹکا ٹائلز سے مزین کیا گیا ہے۔ کمرشل مارکیٹ کے بازار کو قدیمی طرز کی لک دے کر نمایاں کیا گیا ہے۔ راجہ بازار کی بیوٹیفکیشن میں بینچ، سٹریٹ لائٹس، وکٹورین لائٹ، داخلی خارجی گیٹ اور پلانٹر وغیرہ بھی لگائے گئے ہیں۔ فوارہ چوک تا ڈنگی کھوئی 2ہزار فٹ طویل بازار کی بیوٹیفکیشن پر 69 کروڑ روپے لاگت آئی۔ راجہ بازار کو محرابی دیواروں اور روایتی گٹکا ٹائل سے مزین کر کے نئی شکل دی گئی۔ راجہ بازار کی دکانوں اور عمارتوں کو قدیمی طرز پر نمایاں کیا گیا۔ راجہ بازار کی بلڈنگ پر دھاتی نیون سائن بورڈز آویزاں کیے گئے ہیں۔ مزید بتایا گیا کہ راجہ بازار میں خوبصورت بینچ، سٹریٹ لائٹس، وکٹورین لائٹ، ڈسٹ بن، داخلی اور خارجی دروازے بھی بنائے گئے ہیں۔ راجہ بازار میں ٹف ٹائل لگائی گئی جبکہ پلانٹر اور فٹ پاتھ بھی بنائے گئے ہیں۔ راجہ بازار میں میل، فی میل اور سپیشل افراد کیلئے خصوصی باتھ روم بھی بنائے گئے ہیں۔

"ویل کم...... سپر سی ایم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی راولپنڈی آمد پر تاریخی استقبال کیا گیا۔ خیر مقدم کے لئے ہر طرف عوام ہی عوام نظر آ رہی تھی، راولپنڈی شہر میں جگہ جگہ گل پاشی کی گئی، پوسٹر اور قد آدم بینر اور پوسٹر آویزاں کیے گئے۔ کمرشل مارکیٹ آمد پر ڈھول بجا کر روایتی پنڈی وال انداز میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خوش آمدید کہا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کمرشل مارکیٹ اربن بیوٹیفکیشن پروجیکٹ کا افتتاح کیا۔ راولپنڈی میں جگہ جگہ والہانہ انداز میں گل پاشی کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی گاڑی کو گلاب کی پتیوں سے ڈھانپ دیا گیا۔ کمرشل مارکیٹ میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے پہنچنے پر چھتوں سے پھول بھی برسائے گئے۔ فیض آباد، شمس آباد، مری روڈ، راجہ بازار، کمرشل مارکیٹ، رحمان آباد، صدر، سید پور روڈ، بنی چوک، حیدری چوک اور دیگر علاقوں پر دکانداروں نے بھی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خوش آمدید کہا۔ تاجر برادری کی طرف سے بھی وزیراعلی مریم نواز شریف کا انتہائی پرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ بہت بڑی تعداد میں خواتین بھی وزیراعلی مریم نواز شریف کے استقبال کیلئے پہنچ گئیں۔ عوام کے رش کی وجہ سے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گاڑی سست رفتار سے چلتی رہی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی آمد کی خبر پا کر ہزاروں لوگ سڑکوں، گلیوں اور بازاروں میں امڈ آئے۔ پیر مہر علی شاہ یونیورسٹی کے بیرونی راستے پر دونوں اطراف طلباء اور طالبات نے خیر مقدم کیا اور سلفیاں بنائیں۔ پیر مہر علی شاہ بارانی یونیورسٹی پہنچنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے گیٹ پر کھڑے کارکنوں نے پرجوش نعرے لگائے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو راولپنڈی آمد پر سونے کا تاج پہنایا گیا۔ آل پاکستان سمال جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کی جانب سے خصوصی تحفہ پیش کیا گیا۔ آل سمال جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے لیے سونے کا خصوصی تاج تیار کیا تھا۔ خالص سونے کا تاج وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے لیے بطور اعزازی تحفہ تیار کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے دورۂ راولپنڈی پر ایسوسی ایشن کی جانب سے خیر مقدم اور اظہارِ تشکر کے لیے خصوصی تحفہ پیش کیا گیا۔

اخباری رپورٹ کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے آئندہ ایک سال میں راولپنڈی میں 5 ارب روپے کے ترقیاتی پراجیکٹس کی منظوری دے دی۔ راولپنڈی ڈویژن میں کینسر یونٹ فعال، راولپنڈی ڈویژن کی تمام 27 تحصیلوں میں 80 گرین الیکٹرک بسیں چلیں گی، چلڈرن ہسپتال بنے گا۔ ڈھوڈیچہ ڈیم اور مون سون میں سیلاب کی تباہ کاریاں روکنے کے لئے لئی ایکسپریس وے کی منظوری دے دی گئی۔ راولپنڈی ڈویژن کے 12 گاؤں مثالی ویلج بنانے کی منظوری دے دی گئی ہے، تمام الائیڈ ہسپتالوں میں فری ادویات علاج معالجہ جاری رہے گا۔ راولپنڈی کی واحد مرکزی روڈ مری روڈ کی مریڑحسن سے چاندنی چوک کشادگی پراجیکٹ بھی نئے سال سے شروع کرنے کی منظوری دی گئی، خواتین کے لئے راولپنڈی ڈویژن کی تمام تحصیلوں میں پنک بازار لگانے کے بھی احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں۔

گزشتہ روز وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا دورہ راولپنڈی ترقی کے سفر کا تسلسل ہے۔ راولپنڈی آمد پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کا تاریخی عوامی استقبال کیا گیا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ عوامی فلاح کے منصوبے شہر کی ترقی کے نہ صرف ضامن ہیں بلکہ ان اقدامات کو شہریوں کی جانب سے بھی بھرپور پذیرائی حاصل ہے۔


BARANI UNIVERSITY
تقریب سے خطاب
پتہ چل جائے کہ سرکاری ہسپتال میں آئے مریض کو ٹریٹمنٹ نہیں دیا گیا تو سخت ایکشن لیتی ہوں
وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف
Laptops & Scholarships Distribution Ceremony


BARANI UNIVERSITY
تقریب سے خطاب
فالج کے مریض کو 8 گھنٹے کے اندر چار لاکھ روپے کا ٹی این کے انجکشن مفت لگایا جا رہا ہے
وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف
Laptops & Scholarships Distribution Ceremony


BARANI UNIVERSITY
تقریب سے خطاب
آپ کی گلیوں، محلے، سیوریج، ڈرینج کیلئے کسی حکمران نے اتنے پیسے نہیں لگائے
وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف
Laptops & Scholarships Distribution Ceremony


BARANI UNIVERSITY
تقریب سے خطاب
پورے پنجاب میں کارڈیالوجی اور کیتھ لیبز کا جال بچھا دیا ہے
وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف
Laptops & Scholarships Distribution Ceremony





بقیہ 1

کورسیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں افغانستان کی موجودہ صورتحال، آئندہ دہائی کے ممکنہ منظرناموں اور پاکستان و خطے پر ان کے اثرات کا جائزہ لیا گیا۔ سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کے مطابق اجلاس کی میزبانی ایئر وائس مارشل (ر) خاور حسین نے کی۔ انہوں نے اگست 2021ء میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان کی توقعات اور بعدازاں دونوں ممالک کے تعلقات میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے درمیان فرق کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بالخصوص تحریک طالبان پاکستان (TTP) سے لاحق سکیورٹی خطرات کا ذکر کرتے ہوئے افغانستان کے حوالے سے سفارتی، سکیورٹی اور علاقائی پالیسی ردعمل کو وسیع تر تزویراتی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب کی کلیدی مقررہ، انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (ISSI) میں سینٹر فار افغانستان، مڈل ایسٹ اینڈ افریقہ (CAMEA) کی ڈائریکٹر ڈاکٹر آمنہ خان نے افغانستان کی داخلی سیاسی و سکیورٹی صورتحال اور علاقائی تعلقات کا جائزہ پیش کیا۔ ان کے مطابق طالبان حکومت نے بعض معاملات میں عملی رویہ اپنایا ہے اور داخلی نظم ونسق، عوامی خدمات، زرعی اور معاشی اصلاحات کو ترجیح دی ہے، تاہم انسانی حقوق اور خواتین کے حقوق کے حوالے سے اہم مسائل بدستور موجود ہیں۔ ڈاکٹر آمنہ خان نے پاکستان کی افغانستان پالیسی میں موجود بعض خلا کی نشاندہی کرتے ہوئے سکیورٹی اور معاشی تعاون سمیت زیرِالتوا معاملات کے حل کے لیے جامع دوطرفہ فریم ورک کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے دوحہ معاہدے کو محض دوطرفہ انتظام کے بجائے بین الاقوامی سطح پر قابلِ عمل عہد کے طور پر دیکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، خصوصاً افغانستان کی سرزمین کو دیگر ممالک کے خلاف دہشت گرد سرگرمیوں کے لیے استعمال نہ ہونے دینے سے متعلق طالبان کی یقین دہانی کے تناظر میں۔ انہوں نے ایران اور بھارت کی افغانستان کے ساتھ روابط کی مثال دیتے ہوئے مسلسل سفارتی رابطے کی اہمیت اجاگر کی اور کہا کہ ریاستوں کو مختلف سیاسی نظریات رکھنے والے ہمسایہ ممالک کے ساتھ بقائے باہمی کے راستے تلاش کرنا ہوں گے، کیونکہ صرف طاقت کے استعمال پر انحصار پائیدار حل فراہم نہیں کرسکتا۔ اختتامی کلمات میں صدر CASS ایئر مارشل (ر) جاوید احمد نے افغانستان کے بدلتے سیاسی اور سکیورٹی منظرنامے کو مدنظر رکھتے ہوئے مسلسل سفارتی روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ان معاملات پر فکری وعلمی مباحث جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ CASS اہم قومی وعالمی سکیورٹی چیلنجز پر آزاد اور معتبر مکالمے کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔

بقیہ 2

پراجیکٹ ڈائریکٹرز (PDs) اور متعلقہ ٹیکنیکل سٹاف نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اتھارٹی کے تمام رہائشی منصوبوں کی مجموعی پیش رفت، الاٹیز کی جانب سے واجب الادا اقساط اور دیگر مالی واجبات کی وصولی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع قائم کردہ ریکوری سیل کو ٹاسک دیا گیا کہ تمام منصوبوں میں جلد از جلد واجبات کی وصولی کے عمل کی نگرانی اور مؤثر پیروی کی ذمہ داری کو پورا کیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایسے الاٹیز جنہوں نے تاحال کوئی ادائیگی نہیں کی اور ان کے ذمہ واجبات باقی ہیں، انہیں ریڈ نوٹسز جاری کیے جائیں گے، جبکہ ادائیگیوں کے معاملات کو حل کرنے اور الاٹیز کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لیے ذاتی شنوائی (Personal Hearing) کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ مزید برآں، نیلامی (Auction) کے ذریعے پلاٹس حاصل کرنے والے سرمایہ کاروں کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ مقررہ شرائط کے مطابق اپنی ڈاؤن پیمنٹ جلد از جلد جمع کروائیں، تاکہ منصوبوں میں مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے کے ساتھ ترقیاتی سرگرمیوں کو بھی مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ریکوری سیل تمام متعلقہ شعبوں اور پراجیکٹ ڈائریکٹرز کے ساتھ قریبی رابطے میں رہتے ہوئے واجبات کی وصولی کے اہداف پر عمل درآمد یقینی بنائے گا۔ اس اقدام کا مقصد ادارے کے مالیاتی امور کو مستحکم بنانا، بقایا جات کی وصولی میں تیزی لانا اور ہاؤسنگ منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے دستیاب مالی وسائل کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 3

کیا گیا جس میں پارٹی رہنماؤں کارکنوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے قبائلی جھگڑوں کے خاتمے اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کا مطالبہ کیا احتجاجی کیمپ کی قیادت سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے ضلعی صدر ظریت ساگر بجارانی شاہنواز مریبو، اصغر شیخ اور جیون خان سبزوئی نے کی۔ احتجاج میں کم عمر بچوں نے بھی پارٹی کے پرچم اٹھا کر شرکت کی اور علاقے میں امن وامان کی بحالی کے مطالبے کی حمایت کی اس موقع پر مظاہرین نے قبائلی تنازعات کے خلاف آواز بلند کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری عملی اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا احتجاجی رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ میں قبائلی جھگڑوں کا بڑھتا ہوا رجحان ایک سنگین معاشرتی مسئلہ بنتا جارہا ہے، جبکہ ضلع کشمور ایٹ کندھ کوٹ میں مختلف برادریوں کے درمیان جاری تنازعات نے علاقے کے امن و سکون کو متاثر کررکھا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قبائلی تنازعات کے باعث عام شہریوں کو خوف اور عدم تحفظ کی فضا کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے معمولات زندگی بھی متاثر ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ کسی بھی مہذب معاشرے میں تنازعات اور اختلافات کا حل تشدد یا طاقت کے استعمال کے بجائے قانون مذاکرات اور باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے نکالا جانا چاہیے۔ قبائلی جھگڑوں کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ تمام فریقین کو مذاکرات کی میز پر لایا جائے اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مزید انسانی جانوں کے ضیاع اور ناخوشگوار واقعات سے بچا جا سکے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے رہنماؤں نے وزیراعلیٰ سندھ، آئی جی سندھ ڈی آئی جی اور ایس ایس پی کشمور سے مطالبہ کیا کہ ضلع میں جاری قبائلی تنازعات اور دو برادریوں کے درمیان کشیدگی کا فوری نوٹس لیا جائے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور تنازعات کے مستقل حل کے لیے تمام متعلقہ فریقین سے رابطہ کرکے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ علاقے میں پائیدار امن کا قیام صرف پولیس کارروائیوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ انتظامیہ پولیس سیاسی وسماجی رہنماؤں معززین اور قبائلی عمائدین کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا جب تک قبائلی تنازعات کے بنیادی اسباب کو حل کرنے اور قانون کی یکساں عملداری کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدہ کوششیں نہیں کی جائیں گی، جب تک عام شہریوں کو مکمل تحفظ فراہم کرنا مشکل ہوگا

بقیہ 4

وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی میں منعقدہ خصوصی تقریب کے موقع پر کیا گیا تھا، جس کے بعد ورچوئل یونیورسٹی میں لیپ ٹاپ طلبہ کے حوالے کیے گئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر ارشد سلیم بھٹی نے لیپ ٹاپ حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ڈیجیٹل سہولیات طلبہ کو تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری، تحقیق کے نئے مواقع سے استفادے اور جدید ڈیجیٹل مہارتیں حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتی ہیں، جو عالمی سطح پر مسابقت کے لیے ناگزیر ہیں۔ لیپ ٹاپ اسکیم ڈیجیٹل سہولیات کی فراہمی اور باصلاحیت طلبہ کے لیے تعلیمی مواقع بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ورچوئل یونیورسٹی کا بنیادی مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جغرافیائی اور سماجی ومعاشی رکاوٹوں سے بالاتر ہوکر معیاری اعلیٰ تعلیم تک رسائی ممکن بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورچوئل یونیورسٹی جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے ملک میں ڈیجیٹل تقسیم کم کرنے اور سستی و معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے سرگرم عمل ہے۔ یونیورسٹی میں پاکستان اور بیرون ملک سے 2 لاکھ 25 ہزار سے زائد طلبہ زیرِ تعلیم ہیں، جنہیں جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کیے جارہے ہیں۔ دریں اثنا، یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق اسکیم کے تحت اہل طلبہ کی تصدیق اور انتخاب کا عمل حکومتِ پنجاب کے محکمہ ہائر ایجوکیشن (ایچ ای ڈی) کی جانب سے مقررہ معیار کے مطابق کیا جا رہا ہے۔ دیگر اہل طلبہ میں لیپ ٹاپ کی تقسیم متعلقہ اضلاع میں محکمہ ہائر ایجوکیشن کے جاری کردہ شیڈول اور ہدایات کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔ لیپ ٹاپ حاصل کرنے والے طلبہ نے حکومتِ پنجاب اور ورچوئل یونیورسٹی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس سہولت سے انہیں تعلیمی، تحقیقی اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں میں نمایاں مدد ملے گی۔

بقیہ 5

راولپنڈی کے مختلف علاقوں اور آٹا سیل پوائنٹس پر قیمتوں میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ پہلے ہی بجلی، گیس، پٹرول اور روزمرہ اشیائے ضروریہ کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے، ایسے میں بنیادی ضرورت یعنی آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ عام آدمی کے لیے کسی نئے امتحان سے کم نہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سستا آٹا غریب اور سفید پوش طبقے کے لیے کسی حد تک سہارا تھا، مگر اب اس کی قیمت میں بھی 175 روپے اضافہ کرکے عوام کو مزید مشکلات میں ڈال دیا گیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ محدود آمدن میں گھر کا بجٹ چلانے والا مزدور اور دیہاڑی دار آخر روٹی کا خرچ کہاں سے پورا کرے؟ شہری حلقوں نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی قیمت میں حالیہ اضافہ واپس لے کر عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے، کیونکہ مہنگائی کے اس دور میں روٹی جیسی بنیادی ضرورت بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہے۔ دوسری جانب فلور ملز ایسوسی ایشن اور متعلقہ حکام کے مطابق گندم کی قیمت اور پیداواری اخراجات میں اضافے کے باعث نرخوں میں ردوبدل ناگزیر تھا، تاہم عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومتی پالیسیوں کا اصل مقصد عوام کو ریلیف دینا ہونا چاہیے، نہ کہ ان کی پہلے سے محدود قوت خرید پر مزید بوجھ ڈالنا۔

بقیہ 6

سلسلے میں منعقدہ پینل ڈسکشن میں ممتاز علمی وادبی شخصیات نے شرکت کی، جن میں ڈاکٹر فہمیدہ تبسم، چیئرپرسن شعبہ اردو، فیڈرل اردو یونیورسٹی آف آرٹس، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی؛ پروفیسر ڈاکٹر قیصرہ علوی، سابق ڈائریکٹر فیمیل کیمپس، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد؛ اور پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم مظہر، ڈائریکٹر جنرل، ادارۂ فروغ قومی زبان، اسلام آباد شامل تھے۔ مقررین نے علامہ محمد اقبال کے فلسفۂ خودی، خودشناسی اور خودداری کے مختلف پہلوؤں پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اقبال کا پیغام نوجوان نسل کو اپنی صلاحیتوں کا ادراک کرنے، خوداعتمادی پیدا کرنے اور قومی ومعاشرتی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ انہوں نے اقبال کے افکار کی عصری اہمیت اور نوجوانوں کی فکری وعملی تربیت میں ان کی رہنمائی کو بھی اجاگر کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے اپنے خطاب میں کہا کہ علامہ اقبال محض ایک شاعر نہیں بلکہ ایک مکتبۂ فکر ہیں، جن کے افکار شاعری سے کہیں آگے ایک مکمل فکری اور فلسفیانہ نظام کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کی فکر نظریۂ پاکستان سے گہری وابستگی رکھتی ہے اور انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں میں فکری شعور اور بیداری پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی نوجوان خواتین میں خودشناسی، خودداری اور بااختیاری کے شعور کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ اقبال کے تصورِ خودی کو سمجھیں اور اسے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں، کیونکہ اپنی صلاحیتوں اور شناخت کا ادراک ہی خوداعتمادی اور بااختیاری کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے مہمان مقررین، شرکاء اور شراکت دار ادارے ہیلپنگ ہینڈ فار ریلیف اینڈ ڈیولپمنٹ پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور پروگرام کے انعقاد میں حصہ لینے والے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر انہوں نے معزز مہمانوں کو یونیورسٹی کی جانب سے یادگاری شیلڈز بھی پیش کیں۔ ہفتۂ اقبال کے تحت مصوری، خطاطی، مقابلہ شاعری، تقریری مقابلے اور دیگر تحقیقی وعلمی سرگرمیاں بھی منعقد کی جارہی ہیں، جو 27 نومبر تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 7

اقدامات اور سیاسی انتقام کا نشانہ بنائے جانے کی مذمت بھی کرچکے ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا تھا کہ حکومت کو اپوزیشن کی تنقید برداشت کرنی چاہیے، جمہوریت اور پارلیمانی نظام میں ذمے دار اپوزیشن کا کردار نہایت اہم ہے، حکومت کو ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے، جن سے جمہوریت اور پارلیمان کمزور ہوں۔

بقیہ 8

astronaut.suparco.gov.pk کے ذریعے سپارکو مشن ہب تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ سپارکو مشن ہب کے مطابق عوام مشن ڈیش بورڈ کے ذریعے خلائی اسٹیشن کے ماڈیولز، مشن ٹائم لائن اور کاؤنٹ ڈاؤن کلاک سمیت اہم معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سپارکو مشن ہب پر شہری اپنا نام، شہر اور دیگر تفصیلات درج کرکے پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کا بورڈنگ پاس حاصل، ڈاؤن لوڈ اور شیئر کرسکتے ہیں۔ سپارکو مشن ہب نے بتایا کہ صارفین خلائی سٹیشن کی لائیو ٹریکنگ کے ساتھ اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور، گلگت اور مظفرآباد سمیت مختلف شہروں پر اس کے گزرنے کا وقت جان سکتے ہیں۔ سپارکو مشن ہب کا مزید کہنا ہے کہ شہری پورٹل پر نیک تمناؤں کے پیغامات بھیج سکتے ہیں اور مشن سے متعلق ویڈیوز اپ ڈیٹس دیکھ سکتے ہیں۔

بقیہ 9

آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست ہے، لاہور کا مجموعی اوسط ایئر کوالٹی انڈیکس 318 ریکارڈ کیا گیا ہے، تاہم شہر کے متعدد علاقوں میں صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ سب سے زیادہ آلودگی برکی روڈ کے علاقے میں دیکھی گئی جہاں اے کیو آئی 540 تک پہنچ گیا، گلبرگ ٹو میں فضائی آلودگی انڈیکس 520 اور علامہ اقبال ٹاؤن میں 320 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ چندروز تک بارش کا کوئی امکان نہیں ہے، جس کے باعث سموگ کی شدت برقرار رہنے کا خدشہ ہے، شہر میں کم سے کم درجہ حرارت 11 اور زیادہ سے زیادہ 26 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کی توقع ہے، جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 40 فیصد اور ہوا 5 کلومیٹر فی گھنٹہ کی ہلکی رفتار سے چل رہی ہے۔ تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق صوبے بھر میں گوجرانوالہ فضائی آلودگی کے اعتبار سے سرفہرست ہے، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس خطرناک حد یعنی 810 تک جا پہنچا ہے، جبکہ سرگودھا میں فضائی آلودگی کی شرح 320 ریکارڈ کی گئی ہے، اسی طرح ڈیرہ غازی میں اے کیو آئی 416، سرگودھا میں اے کیو آئی 343 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے، ملتان میں اے کیو آئی اوسط 329 رہی۔ طبی ماہرین نے شہریوں کو غیرضروری سفر سے گریز کرنے اور باہر نکلتے وقت ماسک کا استعمال یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 10

بی قرض سے پاکستان میں نجی سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا کہ پاکستان میں پائیدار ترقیاتی منصوبوں کی تیاری کے لیے مالی معاونت فراہم ہوگی، حکومت کو سرمایہ کاری کے قابل منصوبے تیار کرنے میں مدد ملے گی، اعلیٰ معیار کے سستے انفرااسٹرکچر منصوبوں کی تیاری میں معاونت ہوگی۔ منصوبوں کی شفاف جانچ اور مالیاتی خطرات کا بہتر انتظام ضروری ہے، وفاقی سطح پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور نجکاری کے شعبے یکجا کیے جائیں گے۔ 4 وفاقی وزارتوں اور اداروں میں خصوصی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹس قائم ہوں گے، 2026 سے 2030 تک کے لیے درمیانی مدت کی سرمایہ کاری پائپ لائن منظور ہوگی۔

بقیہ 11

سے قوم کو مبارکباد پیش کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کی کامیابی قومی فخر کا باعث ہے، ونگ کمانڈر محمد ذیشان علی پاکستان کے پہلے خلاباز اور تیانگونگ خلائی سٹیشن جانے والے پہلے غیرملکی خلا باز ہیں، پاکستان کا انسانی خلائی سفر سائنس اور تکنیکی ترقی میں اہم سنگ میل ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق مسلح افواج نے سپارکو کے سائنسدانوں، انجینئرز اور تکنیکی ٹیموں کی انتھک محنت اور پیشہ ورانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ آئی ایس پی آر نے پاکستان کے تاریخی خلائی مشن کی کامیابی میں چین کی قیادت، حکومت اور عوام کے تعاون پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کی آہنی دوستی ہمالیہ سے بلند، سمندروں سے گہری اور شہد سے میٹھی ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق پاک چین دوستی آج زمین کی حدود سے آگے خلا تک نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے، پاکستان کی انسانی خلائی سفر میں شمولیت ملکی افرادی قوت، سائنسی صلاحیت اور ٹیکنالوجی کے استعداد کا مظہر ہے، پاکستان کا تاریخی خلائی مشن نوجوان نسل کو سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں آگے بڑھنے کی ترغیب دے گا۔ مسلح افواج نے ونگ کمانڈر محمد ذیشان علی کے کامیاب مشن اور بحفاظت زمین پر واپسی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 12

دریائے سندھ میں راستہ بھٹک کر خیرپور کی علی نواز واہ آر ڈی 100 کے مقام پر پہنچ گئی، پکا چانگ کے قریب نابینا ڈولفن دیکھے جانے کی اطلاع پر ریسکیو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پہنچی۔ ریسکیو ٹیم نے بلائنڈ ڈولفن کو ریسکیو کرکے دریائے سندھ میں لینس ڈاون برج کے مقام پر چھوڑ دیا۔ ریسکیو کی گئی نابینا ڈولفن نر ہے جس کی لمبائی تین اعشاریہ چار انچ اور وزن 24 اعشاریہ پانچ پانچ کلوگرام ہے جبکہ ڈولفن کی عمر 3 سے ساڑھے 3 سال کے درمیان ہے۔

بقیہ 13

ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ کی جانب روانہ کردی گئیں جنہوں نے طویل تلاش کے بعد ہیلی کاپٹر کا ملبہ تلاش کرلیا۔ ترک وزارت دفاع نے جاں بحق ہونے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ حادثے کی اصل وجوہات جاننے کے لیے اعلیٰ سطح کی تکنیکی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 14

نوجوان کو 2 لاکھ 60 ہزار روپے کے جعلی نوٹ تھما دیئے۔ رپورٹ کے مطابق متاثرہ نوجوان نے بتایا کہ واردات کے وقت اس کے دوست کو کوئی مشروب پلا کر حواس باختہ کردیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 15

عورت کو مکمل عزت، احترام اور حقوق دینے کے احکامات دیے، جبکہ خواتین کی عزت واحترام نبی کریم ﷺ کی سنت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن و سنت میں عورت پر ہاتھ اٹھانے سے منع کیا گیا ہے اور خواتین کے ساتھ نرمی اور حسن سلوک اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے، خواتین پر تشدد کرنے والے بزدل اور مجرم ہیں، ایسے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ خواتین کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، پنجاب کو پہلی بار ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن قائم کرنے کا اعزاز حاصل ہے، جہاں مشکلات کا شکار خواتین اپنی شکایات درج کرا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کسی بھی ہنگامی صورتحال میں پینک بٹن کے ذریعے فوری پولیس مدد حاصل کرسکتی ہیں جبکہ خواتین کے لیے پولیس ویمن ہیلپ لائن بھی مکمل طور پر فعال ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ خواتین سے متعلق مقدمات کے جلد فیصلوں کو یقینی بنانے کے لیے سپیڈی کورٹس کے قیام کے حوالے سے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پنجاب خواتین کے تحفظ اور ان کے حقوق کی پاسداری کے لیے پرعزم ہے، خواتین کے لیے تشدد سے پاک، محفوظ اور مساوی معاشرے کا قیام ہی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے۔

بقیہ 16

حاصل کرلیتی ہے جبکہ تفتیشی افسر بھی عدالت میں پیش نہیں ہوتا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے کیس کی سماعت کی۔ شاہ محمود قریشی کے وکیل رانا مدثر نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ان کے موکل کے خلاف کوئی ثبوت موجود نہیں اور اس مقدمے میں گرفتاری بھی ایک سال بعد ڈالی گئی۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ نے اس مقدمے میں کئی مرتبہ التواء لیا ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ میاں اسلم راشد، اعجاز چوہدری اور سرفراز چیمہ کی ضمانتوں میں وکلاء پیش نہیں ہوتے اور پھر کہتے ہیں کہ سو پیشیاں ہوگئی ہیں۔ بعدازاں عدالت نے کیس کی مزید سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 17

شہرام سرور چوہدری کی سربراہی میں دورکنی بنچ نے درخواست پر سماعت کی۔ عالیہ حمزہ نے وکیل برہان معظم ملک کی وساطت سے سزا معطلی کی درخواست دائر کی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت نے مقدمے کا فیصلہ کرتے ہوئے حقائق کا درست جائزہ نہیں لیا اور عالیہ حمزہ کو پانچ سال قید کی سزا سنائی گئی۔ درخواست گزار نے پہلے بھی ضمانت کا ناجائز استعمال نہیں کیا، لہٰذا سزا کے خلاف اپیل کے حتمی فیصلے تک سزا معطل کرنے کا حکم دیا جائے۔ دوران سماعت وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عالیہ حمزہ کی نومئی کے گوجرانوالہ مقدمے میں ضمانت منظور ہو چکی ہے، جس پر عدالت نے متعلقہ فیصلے کی نقل پیش کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ 18

ایل پی جی پلانٹ، سٹوریج اور ٹرمینل سہولیات کے منصوبے کو فوری طور پر آگے بڑھانے پر اتفاق کیا، جس سے ملک میں گیس کی مقامی سپلائی میں اضافے اور قلت پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ ملاقات میں چینی کمپنیوں کی پاکستان سٹیٹ آئل (پی ایس او) کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے پٹرولیم سٹوریج، ٹرمینلز اور ڈاؤن سٹریم توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح بات چیت کو عملی منصوبوں اور صنعتی ترقی میں تبدیل کرنا ہے، ایپک 2026 (APEC) میں چینی صدر شی جن پنگ کی ترجیحات پاکستان اور چین کی توانائی شراکت داری کے مشترکہ وژن کی عکاسی ہیں۔ چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون جاری رکھنے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر پٹرولیم نے ونگ کمانڈر محمد ذیشان علی کو چین کے تاریخی شینژو 24 خلائی مشن میں شرکت پر خصوصی مبارکباد بھی پیش کی اور کہا کہ محمد ذیشان علی کی اس شاندار کامیابی پر پوری قوم کو فخر ہے۔

بقیہ 19

میں ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ سروے مکمل ہونے کے بعد دوسال سے پہلے دوبارہ سروے نہیں کروایا جاسکتا، لہٰذا خواتین بار بار دفاتر آنے سے گریز کریں۔ چیئرپرسن نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کی روشنی میں بی آئی ایس پی مستحق خواتین تک ادائیگیوں کی محفوظ اور شفاف ترسیل کے لیے جدید ڈیجیٹل والٹ اور انٹرآپریبلٹی (Interoperability) کا نظام متعارف کروا دیا گیا ہے۔ اس نظام کے تحت خواتین کسی ایک شہر یا بینک کے ریٹیلر تک محدود نہیں ہیں بلکہ ملک کے کسی بھی شہر میں، کسی بھی وقت، چھ پارٹنر بینکوں کے کسی بھی مجاز ریٹیلر سے اپنی رقم وصول کر سکتی ہیں۔ ان بینکوں میں HBL، Habib Microfinance Bank، Bank Alfalah، Telenor Microfinance Bank، Mobilink/Jazz اور Bank of Punjab شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب خواتین اپنی سہولت کے مطابق قریب ترین مجاز ریٹیلر سے رقم وصول کرسکیں گی۔ سینیٹر روبینہ خالد نے واضح کیا کہ رقم وصول کرنے کے لیے اصل شناختی کارڈ اور بائیومیٹرک تصدیق لازمی ہے۔ ادائیگی ڈیجیٹل والٹ میں منتقل ہونے پر متعلقہ بینک کی جانب سے بینظیر سم پر تصدیقی پیغام موصول ہوگا، جبکہ رقم نکلوانے کے بعد دوسرا پیغام موصول ہوگا جس میں وصول شدہ رقم کی تفصیلات درج ہوں گی۔ انہوں نے خواتین کو ہدایت کی کہ دونوں پیغامات محفوظ رکھیں اور رقم وصول کرتے وقت اپنا موبائل فون کسی ریٹیلر یا دوسرے شخص کے حوالے نہ کریں تاکہ کوئی ان کے پیغامات delete نہ کرسکے۔ چیئرپرسن نے کہا کہ اگر کسی خاتون کو پوری رقم ادا نہ کی جائے یا غیرقانونی کٹوتی کی جائے تو وہ فوری طور پر بی آئی ایس پی کے قریبی دفتر میں شکایت درج کروائیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ شکایت موصول ہونے پر ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو بھی مستحق خواتین کی رقم روکنے کا حق نہیں اور بطور چیئرپرسن انہیں بھی کسی فرد کو ذاتی طور پر پروگرام میں شامل کرنے یا کسی کی ادائیگی روکنے کا اختیار حاصل نہیں۔ آخر میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نام سے منسوب ہے، جو بہادری، جرات اور حوصلے کی علامت تھیں۔ انہوں نے مستحق خواتین پر زور دیا کہ وہ بھی ان کی بہادری سے حوصلہ حاصل کریں، اپنے حقوق سے آگاہ رہیں اور کسی بھی ناانصافی یا غیرقانونی کٹوتی کے خلاف بلاخوف آواز بلند کریں۔

بقیہ 20

سے 20 روز مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ تعلیمی سال 190 روز مکمل کرنے کے لیے گرمیوں اور سردیوں کی تعطیلات میں کمی کی تجویز بھی شامل ہے۔ محکمہ تعلیم نے سکولوں کے نئے تعلیمی سال کو حتمی شکل دینے کے لیے کیلنڈر تیار کرلیا ہے، جس کی حتمی منظوری کابینہ کمیٹی سے لی جائے گی۔ محکمہ تعلیم کے مطابق سموگ اور ہنگامی تعطیلات کے باعث گزشتہ کئی برسوں سے تعلیمی سال مکمل نہیں ہوسکا، جس کے نتیجے میں گزشتہ دوسال سے نصاب میں کمی کرنا پڑی اور طلبہ کی تعلیم متاثر ہوئی۔ اسی تناظر میں آئندہ سال تعلیمی کیلنڈر کو اس انداز میں ترتیب دینے کی تجویز دی گئی ہے تاکہ تعلیمی سال مکمل کیا جاسکے۔

بقیہ 21

کے اسے گرفتار کرلیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزم کانسٹیبل اپنے ایک نامعلوم ساتھی کے ہمراہ نجی دفتر کے پارکنگ اسٹینڈ پر آیا، جہاں اس نے ایل ڈی اے اسٹینڈ پر کام کرنے والے ایک باریش شہری کی تلاشی لی اور جامہ تلاشی کے دوران ملنے والی رقم اپنے ساتھ لے جانے لگا۔ مدعی مقدمہ کے مطابق رقم لے جانے سے روکنے پر کانسٹیبل نے جھگڑا شروع کردیا اور مزاحمت کرنے پر چاقو نکال کر شہری پر وار کردیا، جس کے نتیجے میں باریش زخمی ہوکر زمین پر گر پڑا۔ پولیس ترجمان کا کہنا ہے کہ ملزم کانسٹیبل کو گرفتار کرکے حوالات میں بند کردیا گیا ہے جبکہ اس کے ساتھی کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ اختیارات سے تجاوز اور بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس اہلکاروں کو پیغام دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اختیارات امانت ہیں، ان کا درست استعمال یقینی بنائیں۔

بقیہ 22

بتایا گیا ہے کہ سکھ یاتریوں کے گوردوارہ سچا سودا پہنچنے پر ضلع انتظامیہ ننکانہ کا پرتپاک استقبال کیا۔ سکھ یاتریوں نے گوردوارہ پہ ماتھا ٹیکنے سمیت اپنی دیگر مذہبی رسومات گربانی، جاپ، اشنان ادا کیں اور پرشاد بانٹا۔ اس موقع پر سکھ یاتریوں کی حفاظت کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے گئے تھے۔ سکھ یاتریوں کا کہنا تھا کہ جس طرح سے پاکستان میں ہمارے گوردواروں کا خیال رکھا جاتا ہے ایسا کہیں اور نہیں رکھا جاتا جبکہ جتنی محبت پاکستان میں ملتی ہے، دنیا میں کہیں بھی نہیں ملتی۔ انہوں نے حکومت پاکستان کی گوردواروں کی بہترین دیکھ بھال رکھنے اور پاکستانی عوام کی والہانہ محبت پہ ان کا بے حد شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 23

ہوئے واضح کیا گیا کہ مریض کے ساتھ ایک اٹینڈنٹ کی اجازت ہوگی جبکہ صفائی، سکیورٹی، پارکنگ اور انتظامی امور پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کا ٹاسک دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈی ایچ کیو (ڈاکٹر فیصل مسعود) ٹیچنگ ہسپتال اور گائنی سنٹر مولا بخش ہسپتال میں مریض کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ترجیحات میں صحت کا شعبہ انتہائی اہمیت رکھتا ہے اور کسی صورت ہسپتالوں کی کارکردگی اور معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں موجود کسی بھی قسم کے کلریکل مافیا، غیرمتعلقہ، غیرتربیت یافتہ اور نان ٹیکنیکل اسٹاف کی جانب سے کام میں رکاوٹ یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ایسے عناصر کی نشاندہی کرکے محکمانہ کارروائی اور ملازمت سے فارغ کرنے کے لیے پیپر ورک کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ طبی شعبے کے کلینیکل اور انتظامی دونوں پہلو یکساں اہمیت رکھتے ہیں، ڈاکٹرز اور طبی عملہ مریضوں کی خدمت کے جذبے سے کام کریں اور دونوں ہسپتالوں کی انتظامیہ ایک ٹیم کی صورت میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہر مریض کے ساتھ صرف ایک اٹینڈنٹ کی اجازت کے فیصلے اور ایس او پیز مرتب کرکے ان پر مؤثر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے مریضوں اور لواحقین کے زمین پر بیٹھنے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو عزت واحترام کے ساتھ ویٹنگ ایریاز میں بٹھانے کا انتظام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اچانک اور وقتاً فوقتاً معائنہ کی وارننگ کے ساتھ ایم ایس کو ہدایت کی کہ کسی قسم کی ڈونیشن براہ راست وصول نہ کی جائے بلکہ تمام عطیات صرف سرکاری اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں۔

بقیہ 24

اومیانوالی نے نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے کر رپورٹ طلب کرلی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا بن کے علاقہ واں بھچراں کے گاؤں پکہ کنجیرہ کے محلہ دباڑانوالہ سے گھر سے باہر نکلنے والا 3 سالہ بچہ محمد اذان اچانک لاپتہ ہوگیا جس کی اطلاع پر پولیس واں بھچراں پولیس نے بچے کے والد محمد اکرم کی مدعیت میں بچے کے اغوا کا مقدمہ نامعلوم کے خلاف درج کرلیا اور اس کی تلاش کے دوران قائدآباد کے مقام پر نہر سے تین سالہ بچے اذان کی نعش برآمد کرکے ہسپتال منتقل کردیا گیا اور اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او میانوالی وقار عظیم کھرل نے تحقیقات کے لئے انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دے کر رپورٹ طلب کرلی اور ٹیم کو شفاف اور تمام پہلوؤں پر تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ جس پر ایس پی انوسٹی گیشن شاہد نذیر نے اپنی سربراہی میں اعلیٰ سطحی خصوصی تحقیقاتی ٹیم کو ضروری ہدایات جاری کی ہیں۔

بقیہ 25

پاکستانی کرکٹرز، فنکار اور دیگر سلیبریٹیز مالدیپ جائیں گے۔ محمد امین نے کہا کہ پاکستانی سلیبریٹیز مالدیپ میں بے حد مقبول ہیں اور ان کی آمد سے سیاحت کو مزید فروغ ملے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ براہ راست پروازوں کے آغاز سے پاکستانی شہریوں کے لیے مالدیپ کا سفر مزید آسان ہوجائے گا، پاکستانی شہری سیاحت میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور براہ راست پروازوں سے مالدیپ میں پاکستانی سیاحوں کی آمد میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 26

کو ان کے فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو ان کے فوری حل کی ہدایت کی۔ اسی طرح ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں کھلی کچہری منعقد کی اور شہریوں کی شکایات سنیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 27

بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا، جبکہ اس کے ایک ساتھی کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ اشتہاری ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 28

کی مؤثر پیروی کے پیش نظر عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ سنگین مقدمے میں مجرم کو سزا ملنا حق وانصاف کی فتح ہے۔

بقیہ 29

تعریفی اسناد سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی خدمت کو اپنا شعار بنانے والے پولیس افسران کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کیا، جہاں ان کی خدمات کو سراہا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہریوں کی خدمت، ان کے مسائل کا بروقت حل اور عزت واحترام سے پیش آنا اسلام آباد پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ عوامی خدمت کو اپنا فرض سمجھنے والے دیانت داری، خلوص اور پیشہ ورانہ لگن سے فرائض انجام دینے والے افسران محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اسی جذبے اور محنت سے فرائض انجام دیتے رہیں۔

بقیہ 30

پر حوثیوں کی عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا جبکہ شمالی گورنریٹ صعدہ میں بھی متعدد اہداف کو تباہ کردیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق ان فضائی حملوں سے چند گھنٹے قبل سعودی اتحادی افواج نے الحدیدہ بندرگاہ کے مخصوص حصوں سے عام شہریوں کو فوری انخلا کی وارننگ جاری کی تھی۔ ادھر حوثیوں کے ترجمان یحییٰ سریع نے خبردار کیا تھا کہ اگر الحدیدہ بندرگاہ پر حملہ کیا گیا تو جوابی کارروائی میں بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع سعودی بندرگاہوں کو نشانہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 31

ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی اصطلاح ختم کردی گئی ہے، جبکہ متعلقہ سرکاری عہدوں اور محکموں کے نام بھی تبدیل کرکے اسٹیبلشمنٹ مقرر کردیے گئے ہیں۔ حکومتی فیصلے کے بعد اب صوبے کے سرکاری امور، انتظامی معاملات اور سرکاری دستاویزات میں ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے بجائے اسٹیبلشمنٹ کی اصطلاح استعمال کی جائے گی۔ خیبر پختونخوا گورنمنٹ رولز آف بزنس 1985 میں کی جانے والی یہ ترمیم صوبائی حکومت کے انتظامی قواعد وضوابط میں تبدیلی کا حصہ ہے۔

بقیہ 32

آٹھ منٹ کی تاخیر سے پینل آف چیئرپرسن راجہ شوکت بھٹی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک، نعت رسول مقبول اور قومی ترانے سے کیا گیا۔ ایجنڈے کے مطابق محکمہ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ سے متعلق سوالات وجوابات کا سلسلہ شروع ہوا تاہم اراکین اسمبلی کی عدم دلچسپی اور غیرحاضری کے باعث کارروائی متاثر رہی۔ اجلاس کے آغاز پر اپوزیشن کے نو جبکہ حکومتی بنچوں پر صرف دس ارکان موجود تھے۔

بقیہ 33

کے صدر قاری عزیز الرحمٰن گرفتار کئے جاچکے ہیں، 26 نومبر کو جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن خان نے اپنے دورہ سرگودھا کے موقع پر جلسہ عام سے خطاب کرنا ہے۔

بقیہ 34

کے بغیر ہی واپس روانہ ہوگئی، دلہن کے والدین نے بیٹی کی شادی اپنے ایک عزیز کے بیٹے سے کر دی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر بعض باراتیوں کو حراست میں لے لیا، مقامی معززین کی مداخلت پر دونوں فریقین کے درمیان صلح ہوگئی۔

بقیہ 35

پولیس غائب تھانہ صدر نے دوشیزہ کے بھائی ضیا اللہ کی مدعیت اس کے اغوا کا مقدمہ کلیم اللہ خان اور 2 نامعلوم افراد کے خلاف زیر دفعہ 365B ت پ درج کرلیا اور اس کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 36

نظربندی یا حراست سے متعلق قانونی حکم نامہ طلب کیا گیا تاہم تاحال کوئی قانونی دستاویز پیش نہیں کی گئی۔ درخواست میں عدالت عالیہ سے استدعا کی گئی ہے کہ فضل الرحمان کی رہائش گاہ کا غیرقانونی پولیس محاصرہ فوری طور پر ختم کرنے کا حکم دیا جائے۔ سماعت کے دوران عدالت نے ریمارکس دیئے کہ اگر نظربندی ہوئی ہے تو معاملہ گھمبیر نوعیت کا ہے، جس نے بھی غیرقانونی اقدام کیا ہے اسکو اسکا خمیازہ بھگتنا ہوگا۔ مولانا کو اگر نظربند کیا ہے تو وجوہات دینی ہوں گی۔ عدالت نے کارروائی آج بروز جمعرات تک ملتوی کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 37

گرام چرس برآمد ہونے پر جون 2026ء میں گرفتار کیا گیا تھا۔ اسی طرح مجرم عبدالقادر کو سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جسے تھانہ ٹیکسلا پولیس نے ایک کلو 360 گرام چرس برآمد ہونے پر ستمبر 2025ء میں گرفتار کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ٹھوس شواہد اور مقدمات کی مؤثر پیروی کے باعث عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں۔ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 38

بھر میں اداروں کی تمام لیبارٹریز سے رعایتی نرخوں پر لیبارٹری ٹیسٹ کی سہولت حاصل کرسکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کی جانب سے ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق جبکہ ادارے سے دانش لیب کے عہدیداران نے معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت اسلام آباد پولیس کے افسران اور ان کے اہل خانہ کو لیبارٹری ٹیسٹ میں رعایت دی جائے گی اور یہ سہولت ملک بھر میں قائم ادارے کی تمام لیبارٹریز سے حاصل کی جاسکے گی۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ حاضر سروس پولیس افسران، شہداء اور دوران سروس وفات پانے والے پولیس افسران کے اہل خانہ کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ایسے اقدامات سے پولیس افسران کا مورال بلند ہوگا اور ان کے اہلخانہ کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔

بقیہ 39

کیشن نے شرکت کی۔ اس موقع پر تمام افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی آئی جی علی وسیم نے ہدایت کی کہ ڈکیتی، راہزنی اور گاڑیوں و موٹرسائیکلوں کی چوری میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کیا جائے اور ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈکیتی اور راہزنی کے دوران فائرنگ کرکے شہریوں کو زخمی کرنے والے اور گاڑیوں وموٹرسائیکلوں کی چوری کی وارداتوں کی روک تھام کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر مؤثر کارروائیاں کی جائیں۔ آئندہ جس علاقے میں واردات ہوگی، اس کے ذمہ دار متعلقہ افسر ہوں گے۔ تمام پولیس افسران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید مؤثر بنائیں۔ اچھی کارکردگی پر انعامات جبکہ ناقص کارکردگی پر سزائیں بھی دی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی سہولت اور جان ومال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 40

ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتار کیا۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 41

سپلائرز کو گرفتار کرکے دو کلو 440 گرام چرس برآمد کی، روات پولیس نے ایک خاتون منشیات سپلائرز کو گرفتار کرکے ایک کلو 400 گرام چرس برآمد کی، واہ کینٹ پولیس نے تین منشیات سپلائرز کو گرفتار کرکے پانچ کلو 480 گرام چرس، آر اے بازار پولیس نے تین منشیات سپلائرز کو گرفتار کرکے پانچ کلو 80 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کرکے ایک کلو 500 گرام چرس، چکلالہ پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کرکے ایک کلو 500 گرام چرس جبکہ صدر بیرونی پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کرکے ایک کلو 200 گرام چرس برآمد کی۔ سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 42

کے خوف میں زندگی نہ گزارنی پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے خواتین کو قابلِ عزت مقام اور مرتبہ عطا کیا ہے، جبکہ آئین پاکستان بھی خواتین کے وقار، مساوات اور قومی زندگی میں ان کی بھرپور شرکت کی ضمانت دیتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جدید دور میں آن لائن تشدد کی روک تھام کے لیے بھی مؤثر حفاظتی اقدامات ناگزیر ہیں، خواتین کو کام کی جگہوں پر ہراسانی کا سامنا کرنے کے بجائے محفوظ ماحول اور تحفظ حاصل ہونا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ خواتین کو تعلیم اور روزگار کے شعبوں میں مساوی مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں تاکہ وہ معاشرے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں، خواتین کے لیے محفوظ، باوقار اور مساوی ماحول کا قیام اجتماعی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 43

اور طبی حکام نے غزہ میں دو دیگر اسرائیلی فضائی حملوں میں 6 افراد کی شہادت ہلاکت کی اطلاع دی تھی۔

بقیہ 44

نہیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس غلام سرور نہنگ نے ملزمان کی جانب سے دائر کریمنل اپیل پر فیصلہ سنایا، دونوں ملزمان کو ایڈیشنل سیشن جج کروڑ لعل عیسن، ضلع لیہ نے 2019 میں محمد اسلم کے قتل کے مقدمے میں عمر قید کی سزا سنائی تھی عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ وقوعے کے بعد ایف آئی آر کے اندراج میں غیرواضح تاخیر ہوئی، جبکہ مدعی کی جانب سے پولیس کو 15 پر اطلاع دینے کا دعویٰ بھی ریکارڈ سے ثابت نہیں ہوسکا۔ مقدمے کے اندراج میں تاخیر اور اس حوالے سے شواہد کی عدم وضاحت نے استغاثہ کے مؤقف کو مشکوک بنا دیا۔ فیصلے کے مطابق مدعی نے مقتول کو ہسپتال منتقل کرنے کے لیے استعمال ہونے والی گاڑی، خریداری کا سامان اور اپنے خون آلود کپڑے تفتیشی افسر کے حوالے نہیں کیے، حالانکہ یہ اشیاء وقوعے کے وقت مدعی کی موجودگی اور مقدمے کے دیگر حقائق کی تصدیق کے لیے اہم شواہد ثابت ہوسکتی تھیں۔ عدالت نے پوسٹ مارٹم میں پانچ گھنٹے سے زائد تاخیر، عینی شاہدین کے بیانات میں تضادات اور اسلحے کی برآمدگی سے متعلق شواہد کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 45

کرنے والے عالمی ادارے کو ہی مفلوج کررہا ہے۔ انہوں نے اوپی سی ڈبلیو کی سرگرمیوں میں ممکنہ تعطل اور اہم پروگراموں میں کمی کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے امریکی اقدامات کو شرمناک قرار دیا۔ اس سے قبل خبر رساں ادارے رائٹرز نے رپورٹ کیا تھا کہ او پی سی ڈبلیو کو شدید مالی بحران کا سامنا ہے، ادارے کے 8 کروڑ 30 لاکھ یورو کے سالانہ بجٹ میں ایک چوتھائی کی واقع ہوئی ہے جس کی ایک بڑی وجہ امریکا کی جانب سے اپنی مالی شراکت کا خاطر خواہ حصہ ادا نہ کرنا ہے۔ ادارے کے ڈائریکٹر جنرل نے خبردار کیا ہے کہ مالی قلت کے باعث بعض سرگرمیاں متاثر ہوسکتی ہیں جن میں شام میں کیمیائی ہتھیاروں کی شناخت اور تلفی سے متعلق پروگرام بھی شامل ہیں اور ان پروگراموں کو معطل یا محدود کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 46

کردی۔ ذرائع کے مطابق جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی 26 نومبر کو سرگودھا آمد اور جلسہ کی روک تھام کے لئے ریجن بھر میں جے یو آئی کے مقامی رہنماؤں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران سرگودھا سے ضلعی صدر را عبدالقیوم کے بیٹے راحمزہ قوم جبکہ ضلع بھکر میں ضلعی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالقادر جنید، ضلعی نائب امیر مولانا صہیب یوسف، پپلاں سے سٹی صدر قاری عثمان فاروقی، قاری حزل اور دیگر کو گرفتار کرلیا گیا۔ جبکہ ضلعی انتظامیہ نے سرگودھا میں دفعہ 144 کے تحت جلسے جلوسوں اور دھرنوں پر پابندی عائد کرکے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو متحرک کردیا ہے۔

بقیہ 47

مشن پر روانہ ہورہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ امید ہے نوجوان تاریخی لمحات دیکھ کر خلابازی کے شعبے کی جانب راغب ہوں گے، یہ یادگار لمحات تاریخ میں یاد رکھے جائیں گے، یہ ابھی شروعات ہے اختتام نہیں۔ پاکستانی خلاباز ذیشان علی کی مشن پر روانگی کے موقع پر ڈاکٹر سید علی اسد گیلانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 48

خراج تحسین پیش کیا۔ پی ایم آفس کے مطابق وزیراعظم نے ڈاکٹر مصدق ملک کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے تہذیبی مکالمے میں پاکستان کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے تاریخ اور زمینی حقائق کو بہترین انداز میں پیش کیا۔ وزیراعظم نے ڈاکٹر مصدق مسعود ملک کے انداز بیاں اور اردو کی بھی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے خطبے میں پاکستان کے مثبت تاثر اور تشخص کو اجاگر کرنے کیلئے تحمل اور فکری صراحت پر مبنی سفارتکاری کا نیا معیار متعارف کروایا جو قابل تعریف ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے وزیراعظم کو اپنے دورے کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔

بقیہ 49

پاکستان کے سفیر بھی خلائی مشن کے لانچنگ مقام پر موجود تھے جہاں دونوں شخصیات نے پاکستانی پرچم لہراکر قومی پرچم سے اپنی وابستگی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اپنی پوسٹ کے ساتھ خلائی مشن کی روانگی کے موقع کی ویڈیو بھی شیئر کی۔

بقیہ 50

یا تصدیق سامنے نہیں آئی ہے۔

بقیہ 51

مہارتوں کو فروغ دینا ہوگا۔ ڈیواوپس ڈیز اسلام آباد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کلاؤڈ نیٹو اسلام آباد اور کلاؤڈ نیٹو سکیورٹی پاکستان کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیواوپس، کلاؤڈ ٹیکنالوجیز، سائبر سکیورٹی، پلیٹ فارم انجینئرنگ اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس اب محض تکنیکی شعبے نہیں بلکہ جدید کاروباری ماحول کی بنیادی ضروریات ہیں۔ ایم ایل اوپس اور ایجنٹک اے آئی جیسی جدید ٹیکنالوجیز بھی کاروبار، صنعت، تعلیم اور گورننس میں نئے مواقع پیدا کررہی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ڈیجیٹل تبدیلی اب کاروباری اداروں کے لیے اختیاری نہیں بلکہ بقا اور ترقی کی ضرورت ہے۔ اداروں کو کلاؤڈ کمپیوٹنگ، سائبر سکیورٹی، آٹومیشن اور مصنوعی ذہانت اپناتے ہوئے اپنی کارکردگی اور عالمی مسابقت بہتر بنانا ہوگی۔

بقیہ 52

کار سے آگے بڑھتے ہوئے پنجاب سیڈ کارپوریشن کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، بیجوں کے معیار میں بہتری اور ادارے کی استعداد کار بڑھانے پر مرکوز رہی۔ ان کا کہنا ہے کہ ادارے میں مثبت تبدیلیوں کے لیے غیرضروری رکاوٹوں اور منفی عناصر کا خاتمہ ناگزیر ہے، جبکہ انتظامی امور میں شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا بھی ضروری ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کو ایک جدید، فعال اور موثر ادارہ بنانے کے لیے اصلاحاتی عمل جاری رکھا جائے گا تاکہ صوبے میں معیاری بیجوں کی دستیابی، زرعی پیداوار میں اضافے اور کسانوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 53

ہوا، جس میں ضلع بھر میں انسداد ڈینگی سرگرمیوں، فیلڈ مانیٹرنگ اور محکمانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ ہیلتھ، پولیس، واسا، سول ڈیفنس، ریسکیو 1122، محکمہ آبپاشی، ماحولیات، لوکل گورنمنٹ، سکول ایجوکیشن اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو ضلع بھر میں ڈینگی سرویلنس، لاروا تلفی، ہاٹ سپاٹس کی مانیٹرنگ اور ان ڈور و آؤٹ ڈور سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر زوہیب ممتاز نے ہدایت کی کہ تمام محکمے محض کاغذی کارروائی کے بجائے فیلڈ میں عملی اقدامات یقینی بنائیں۔ ہرایڈ رائیڈ یوزر روزانہ کم از کم 25 انسداد ڈینگی ایکٹیویٹیز اپ لوڈ کرے، جبکہ محکمہ زراعت اور لوکل گورنمنٹ زیادہ سے زیادہ ٹی پی وی سرگرمیاں انجام دیں۔ تمام سرگرمیوں کی حقیقی فیلڈ پرفارمنس اور تصدیق کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 54

کے حوالے سے تمام ماتحت عدالتوں کو باضابطہ نوٹیفکیشن بھی ارسال کردیا گیا ہے۔

بقیہ 55

کے تحت شہریوں کو زمین کے ریکارڈ تک براہ راست رسائی فراہم کی جارہی ہے، جس سے فرد کے حصول کے لیے دفاتر کے غیرضروری چکر، وقت کے ضیاع اور درمیانی افراد پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی۔ پنجاب زمین ایپ پر فرد کے حصول کے لیے صارف کو شناختی کارڈ نمبر اور پاس ورڈ کے ذریعے لاگ ان کرنا ہوگا، جس کے بعد فرد حاصل کریں کے آپشن پر جا کر متعلقہ ضلع، تحصیل اور موضع منتخب کرنا ہوگا۔ درخواست گزار خسرہ یا کھیوٹ نمبر درج کرنے کے بعد ایپ سے جاری ہونے والے پی ایس آئی ڈی کے ذریعے مقررہ فیس آن لائن یا موبائل بینکنگ کے ذریعے ادا کرسکے گا۔ ادائیگی کی تصدیق کے بعد فرد ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت دستیاب ہوگی۔ پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کی سرکاری ایپ کے مطابق صارفین زمین کے ریکارڈ، ملکیت کی تصدیق اور اراضی سے متعلق دیگر ڈیجیٹل خدمات بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ حکام کے مطابق ڈیجیٹل اراضی خدمات کا مقصد نظام کو شفاف، تیز اور شہری دوست بنانا ہے۔

OFFICE OF THE MUNICIPAL COMMITTEE,CHAKWAL

ADVERTISEMENT FOR CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL ON LAND OWNED BY THE MUNICIPAL COMMITTEE AT MC STADIUM, NEAR FRUIT MANDI, CHAKWAL, UNDER THE PUBLIC-PRIVATE PARTNERSHIP (PPP) MODEL

It is hereby notified for the information of the general public that the Municipal Committee, Chakwal, intends to construct a Community Hall on its land bearing *Khasra* Nos. 1897, 1898 and 1899, situated near General Bus Stand, Chakwal, through Public-Private Partnership (PPP).

A portion of the Community Hall has already been constructed by the Municipal Committee, whereas the remaining construction work shall be carried out by the registered civil society organization to which the premises are awarded on rent/lease. The Municipal Engineer shall assess the cost of the construction work already completed by the Municipal Committee. Upon completion of the remaining construction work by the registered civil society organization, the Municipal Engineer shall also assess the cost of the additional work carried out by the said organization. The assessed cost of the construction work undertaken by the civil society organization shall be adjusted against the monthly rent payable, in accordance with the terms and conditions of the agreement executed between the parties.

The successful bidder shall be bound to complete the remaining construction work at the site within six (06) months from the date of taking possession and shall ensure that the Community Hall is made fully functional within the stipulated period of six months.

The auction for the monthly rent/lease of the premises shall be conducted under the Punjab Local Government (Property) Rules, 2018, for a period of fifteen (15) years at Jinnah Hall, Municipal Committee, Chakwal, on the date and time specified below. Upon expiry of the lease period, the lease may be extended, subject to reassessment of rent in accordance with the prevailing market rate and approval of the competent authority. The terms and conditions of the auction may be obtained from the Regulation and Revenue Branches of the Municipal Committee, Chakwal, during office hours.

Interested parties are invited to participate in the auction and submit their bids. The Auction Committee reserves the right to reject any or all bids without assigning any reason. In case of an increase in the bid amount, the security deposit shall also be enhanced accordingly on the spot.

Interested parties/organizations intending to participate in the auction shall submit the security deposit in the form of a Call Deposit Receipt (CDR), along with a copy of their CNIC, before the auction date, i.e., 04-12-2026. The CDR shall clearly bear the title **"Security Account of MC, Chakwal."** The security deposit shall not be accepted on the auction date, i.e., 05-12-2026.

DETAILS OF THE PROPERTY

The Detail of Property is as under:

Sr No.	Name of Property	Size of Plot	Khasra No.	Monthly Rent	Security	Date, Time and Venue of Auction
1	Community Centre near Fruit Mandi, Chakwal	50K-00M	1897, 1898, 1899	3,00,000/-	One Million	05-12-2026 12:00 Noon At Jinnah Hall MC Chakwal

CHIEF OFFICER
MUNCIPAL COMMITTEE
CHAKWAL

ADMINISTRATOR
MUNCIPAL COMMITTEE
CHAKWAL

IPL-12489

پاکستان اور مالدیپ کا تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

مالدیپ کی قومی ایئرلائن جلد پاکستان اور مالدیپ کے درمیان براہِ راست پروازوں کا آغاز کرے گی

پاکستانی سلیبریٹیز مالدیپ میں بے حد مقبول ہیں اور ان کی آمد سے سیاحت کو مزید فروغ ملے گا، محمد امین

اسلام آباد: (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے مالدیپ کے وزیر سیاحت وسول ایوی ایشن محمد امین نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور سیاحت، کھیل، صحت، تجارت اور افرادی قوت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مالدیپ کے وزیر سیاحت وسول ایوی ایشن نے اعلان کیا کہ مالدیپ کی قومی ایئرلائن جلد پاکستان اور مالدیپ کے درمیان براہِ راست پروازوں کا آغاز کرے گی، پہلی براہِ راست پرواز کے ذریعے معروف (بقیہ نمبر 25)

نیوٹاؤن پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اشتہاری ملزم نے سابق رنجش پر اپنے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کرکے ایک شہری کو قتل کر دیا تھا اور جون 2024ء سے پولیس کو مطلوب تھا۔ نیوٹاؤن پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع (بقیہ نمبر 27)

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کی کھلی کچہریاں

شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جہاں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے شہریوں کی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران (بقیہ نمبر 26)



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کو عمان کے قومی دن کے موقع پر قونصل جنرل انجینئر سمیع عبداللہ سالم انجری شیلڈ پیش کررہے ہیں

شہری کو خنجر کے وار سے قتل کرنے والے مجرم کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپے ہرجانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مؤثر تفتیش اور مقدمے کی پیروی کے نتیجے میں معزز عدالت نے شہری کو خنجر کے وار سے قتل کرنے والے مجرم معراج شمس کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنادی۔ تفصیلات کے مطابق واقعے کا مقدمہ اکتوبر 2025ء میں تھانہ سول لائنز میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ٹھوس شواہد اور مقدمے (بقیہ نمبر28)

سعودی فوجی اتحاد کے الحدیدہ بندرگاہ میں حوثیوں کے ٹھکانوں پر حملے

صنعا: (اے ایف پی) یمن میں سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد کے ترجمان نے کہا ہے کہ اس کی افواج نے بحیرہ احمر کے ساحل پر حوثیوں کے زیر کنٹرول بندرگاہ الحدیدہ میں اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔ سعودی اتحادی افواج کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ کارروائی کے دوران الحدیدہ بندرگاہ (بقیہ نمبر 30)

نمایاں کارکردگی دکھانے والے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی

تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم، افسران محنت سے فرائض انجام دیتے رہیں، کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے شہریوں کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کرنے اور بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں (بقیہ نمبر 29)

کے پی حکومت نے ہیومن ریسورس مینجمنٹ کا نام بدل کر اسٹیبلشمنٹ رکھ دیا

سرکاری قواعد وضوابط میں ترمیم کے بعد ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی اصطلاح ختم

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبائی انتظامی ڈھانچے میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے ہیومن ریسورس مینجمنٹ کا نام تبدیل کرکے اسٹیبلشمنٹ رکھ دیا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا کی جانب سے گورنمنٹ رولز آف بزنس 1985 میں ترامیم کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری قواعد و ضوابط میں ترمیم کے بعد (بقیہ نمبر 31)

وزیراعظم شہباز شریف اپنا گھر پروگرام کے تحت نمایاں کارکردگی پر میزان بینک کے چیف آپریٹنگ آفیسر ریٹیل بینکنگ ضیاالحسن کو ایوارڈ پیش کررہے ہیں

راولپنڈی میں فحاشی کے اڈوں کے خلاف کارروائیاں

5 مردوں اور 6 خواتین سمیت 11 ملزمان گرفتار کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے فحاشی کے اڈوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے دو تھانوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران پانچ مردوں اور چھ خواتین سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے فحاشی کے اڈے پر چھاپہ مار کر چار مردوں اور تین خواتین کو گرفتار کیا جبکہ پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک مرد اور تین خواتین کو حراست میں لے لیا۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کئے

راولپنڈی، دو خواتین سمیت 12 منشیات سپلائر گرفتار

ساڑھے 18 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی گئی، مقدمہ درج کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران دو خواتین سمیت 12 منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے ساڑھے 18 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے ایک خاتون سمیت دو منشیات (بقیہ نمبر 41)

کراچی: خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایسٹ زون پولیس اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری اینڈ ڈائیگناسٹک سینٹر کے اشتراک سے آگاہی واک کی جارہی ہے

تین پولیس مقابلے، تین مطلوب ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

قبضے سے دو مسروقہ موٹر سائیکل اور ڈیڑھ کلو سے زائد منشیات برآمد ہوئی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، تین تھانوں کے علاقوں میں ہونے والے تین پولیس مقابلوں کے دوران تین خطرناک اور مطلوب ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ ان کے قبضے سے دو مسروقہ موٹر سائیکل اور ڈیڑھ کلو سے زائد منشیات برآمد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ویسٹریج کے علاقے میں پولیس سے مزاحمت کرنے والا ملزم منعم عرف منیب بٹ زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جو اقدام قتل، ڈکیتی، گاڑیوں کی چوری اور متعدد دیگر مقدمات میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ ہے۔

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے اردل روم میں آئے پولیس افسران کے مسائل کو خود سنا اور انکی درخواستوں پر مناسب احکامات جاری کئے

اسلام آباد پولیس اور سٹی لیب کے درمیان معاہدہ

پولیس افسران اور اہلخانہ کو لیبارٹری ٹیسٹ پر رعایت ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کے افسران اور ان کے اہلخانہ کو رعایتی نرخوں پر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اسلام آباد پولیس اور نجی ادارے دا سٹی لیب کے درمیان معاہدے پر دستخط کردیے گئے، جس کے تحت پولیس افسران اور ان کے اہلخانہ ملک (بقیہ نمبر 38)

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف گھیرا تنگ کیا جائے، ڈی آئی جی اسلام آباد

ڈکیتی، راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف بلاتفریق کریک ڈاؤن

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت رابری و ڈکیتی یونٹ اور انسداد کار لفٹنگ یونٹ کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈکیتی، راہزنی اور کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف مؤثر اور بلاتفریق کریک ڈاؤن کرنے کی ہدایت کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ حسام بن اقبال، انچارج آر ڈی یو، انچارج اے وی ایل یو اور انچارج انویسٹی (بقیہ نمبر 39)

رائے ونڈ: ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ عمیر صغیر مارکیٹ میں آٹا فراہمی بارے ڈیلر سے معلومات لے رہے ہیں

آر پی او راولپنڈی کے مختلف تھانوں کے اچانک دورے

شہریوں کو انصاف فراہمی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

آر پی او بابر سرفراز کی عوام سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے تھانہ آرائے بازار، تھانہ صدر بیرونی، تھانہ سول لائنز، تھانہ ویمن اور ایس ڈی پی او صدر سرکل دفتر کا اچانک دورہ کیا، اس موقع پر متعلقہ پولیس افسران بھی موجود تھے۔ آر پی او نے تھانوں کی عمارتوں، محرر دفتر، فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ اور دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھانوں میں آنے والے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، شکایات کے اندراج اور ان کے حل کے طریقہ کار کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، عزت اور احترام سے پیش آیا جائے اور ان کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر سنی جائیں، شہریوں کو تھانوں میں غیر ضروری انتظار اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

گرین بس اور میٹرو بس میں وارداتیں کرنیوالا گروہ گرفتار

مرد و خاتون پر مشتمل دو رکنی جیب تراش گینگ گرفتار، 11 موبائل فون اور نقدی برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گرین بس، میٹرو بس اور دیگر رش والے مقامات پر چوری کی وارداتیں کرنے والے مرد اور خاتون پر مشتمل دو رکنی گینگ کو گرفتار کرکے 11 مسروقہ موبائل فون اور ایک لاکھ 10 ہزار روپے کی مسروقہ رقم برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار ملزمان جیب تراشی اور شہریوں کے پرس وغیرہ سے قیمتی اشیاء چرانے کی وارداتوں میں ملوث تھے، وارث خان پولیس نے (بقیہ نمبر 40)

پنجاب اسمبلی اجلاس، سوال و جواب کا سیشن شروع ہوتے ہی ختم

کورم کی کمی اور محکموں کی عدم تیاری پر اپوزیشن کی تنقید، چار گھنٹے بعد اجلاس بلانے کا کیا فائدہ؟، ندیم قریشی

اجلاس میں جعلی پانی کی کمپنیوں کے خلاف پیش کی گئی تحریک التواء کمیٹی کے سپرد کردی گئی، اجلاس ملتوی کردیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں حکومتی اور اپوزیشن ارکان کی عدم دلچسپی، غیر حاضری اور کورم کی کمی کے باعث ایوان کی کارروائی متاثر رہی، محکمہ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ کا سوال و جواب سیشن شروع ہوتے ہی ختم ہوگیا، جبکہ اپوزیشن نے اجلاس میں تاخیر، محکموں کی عدم تیاری اور عوامی مسائل پر حکومتی کارکردگی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو گھنٹے (بقیہ نمبر 32)

میانوالی، 23 نومبر سے 29 نومبر تک دفعہ 144 نافذ

جمعیت علما اسلام (ف) کے ضلعی رہنماؤں اور کارکنان کی پکڑ دھکڑ شروع

میانوالی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر میانوالی شاہد عباس کاٹھیا نے ضلع میانوالی میں سات دنوں 23 نومبر سے 29 نومبر تک دفعہ 144 نافذ کردیا ہے، جس کے بعد پولیس نے جمعیت علما اسلام (ف) کے ضلعی رہنماؤں اور کارکنان کی پکڑ دھکڑ شروع کردی ہے تحصیل پپلاں سٹی سے جمعیت علما اسلام (ف) کے قاری زبیر اور صدر میانوالی عثمان فاروقی بھی گرفتار، اس سے قبل جمعیت علما اسلام (ف) کے سیکرٹری مولانا فیاض خان اور تحصیل پپلاں (بقیہ نمبر 33)

کیری ڈبے کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

لاہور (این این آئی) ماڈل ٹاؤن میں نواز شریف پارک کے قریب ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق حادثہ کیری ڈبے کی موٹر سائیکل کو ٹکر کے باعث پیش آیا، جس کے نتیجے میں تقریباً 22 سالہ نوجوان موقع پر ہی دم توڑ گیا۔

خواتین کے حقوق کا تحفظ انسانی حقوق کا تحفظ ہے، حافظ نعیم الرحمن

تشدد کی روک تھام کے لیے آگاہی، تعلیم اور مردوں کے مثبت کردار کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

خواتین اور بچیوں پر تشدد کا خاتمہ معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص حکومت کی اہم ذمہ داری ہے، عالمی دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ خواتین کے حقوق کا تحفظ درحقیقت انسانی حقوق کا تحفظ ہے، خواتین اور بچیوں پر تشدد کا خاتمہ معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تشدد کی روک تھام کے لیے آگاہی، تعلیم اور مردوں کے مثبت کردار کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، خواتین پر تشدد کے خاتمے سے متعلق قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ کسی خاتون یا بچی کو تشدد (بقیہ نمبر42)

ماڈل ٹاؤن دی ناج آف آرٹ اکیڈمی کے زیراہتمام مقابلہ مصوری میں آرٹسٹ پینٹنگ تیار کررہی ہیں

قتل کیس، عمر قید کے دو ملزمان کو بری کرنے کا حکم

مقدمے کے شواہد میں موجود تضادات سزا برقرار رکھنے کیلئے کافی نہیں، عدالت

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کے مقدمے میں عمر قید کی سزا پانے والے دو ملزمان قیصر اور شمشیر احمد کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ استغاثہ ملزمان کے خلاف جرم ثابت کرنے میں ناکام رہا، جبکہ مقدمے کے شواہد میں موجود تضادات اور قانونی خامیاں سزا برقرار رکھنے کے لیے کافی (بقیہ نمبر 44)

سرگودھا میں جے یو آئی رہنماؤں کے خلاف کریک ڈاؤن

مولانا صہیب یوسف، قاری عثمان فاروقی، قاری مزمل اور دیگر کو گرفتار کرلیا گیا

دفعہ 144 کے تحت 7 یوم کے لئے جلسے، جلوسوں، دھرنوں پر پابندی عائد کردی گئی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 26 نومبر کو مولانا فضل الرحمان کے دورہ سرگودھا اور جلسہ کی روک تھام کے لئے جے یو آئی رہنماؤں کے خلاف کریک ڈاؤن کے ساتھ دفعہ 144 کے تحت 7 یوم کے لئے جلسے، جلوسوں، دھرنوں پر پابندی عائد (بقیہ نمبر 46)

حماس کے داخلی سکیورٹی ادارے کے سربراہ نعیم ابونہل شہید

غزہ (اے ایف پی) اسرائیلی فضائی حملے میں حماس کے داخلی سکیورٹی ادارے کے سربراہ نعیم ابو نہل شہید ہوگئے۔ غزہ میں حماس کے زیر انتظام وزارت داخلہ کے مطابق نعیم ابونہل کو غزہ شہر کے مغربی علاقے میں فضائی حملے میں نشانہ بنایا گیا۔ 50 سالہ نعیم ابونہل رواں سال ستمبر میں اس عہدے پر تعینات ہوئے تھے جب ان کے پیشرو کو اسرائیلی فوج کے خصوصی دستوں نے ایک کارروائی کے دوران گرفتار کرلیا تھا، اس سے قبل فلسطینی امدادی کارکنوں (بقیہ نمبر 43)

امریکا عالمی اداروں کی سرگرمیوں میں رکاوٹیں ڈالکر عالمی امن کو خطرے میں ڈال رہا: عباس عراقچی

تہران (اے ایف پی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کیمیائی ہتھیاروں کی ممانعت کے عالمی ادارے کی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈال کر عالمی امن وسلامتی کو خطرے میں ڈال رہا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا امریکا کیمیائی ہتھیاروں کے بارے میں اتنا فکرمند ہے کہ وہ ان کی نگرانی (بقیہ نمبر45)

یہ ایک عظیم موقع ہے الفاظوں میں جذبات کا اظہار نہیں کرسکتا، احسن اقبال

امید ہے نوجوان تاریخی لمحات دیکھ کر خلابازی کے شعبے کی جانب راغب ہوں گے، یہ یادگار لمحات تاریخ میں یاد رکھے جائیں گے

پاکستانی قوم ٹی وی اسکرین پر یہ یادگار لمحات دیکھ رہی ہے، پاکستانی قوم کو اپنے ہیرو پر فخر ہے، میڈیا سے گفتگو

جیوچوان (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ یہ ایک عظیم موقع ہے، میں الفاظوں میں اپنے جذبات کا اظہار نہیں کرسکتا۔ پاکستانی خلاباز ذیشان علی کی خلائی مشن پر روانگی کی الوداعی تقریب میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو میں احسن اقبال نے کہا کہ ناصرف میرے لئے بلکہ پاکستانی قوم کے لیے یہ ایک عظیم لمحہ ہے۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پاکستانی قوم ٹی وی اسکرین پر یہ یادگار لمحات دیکھ رہی ہے، پاکستانی قوم کو اپنے ہیرو پر فخر ہے جو چینی خلابازوں کے ساتھ (بقیہ نمبر 47)

آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کا تھانہ آرائے بازار، صدر بیرونی، سول لائنز، ویمن اور SDPO صدر سرکل دفتر کا اچانک دورہ کررہے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف سے مصدق مسعود ملک کی ملاقات

ایس سی او تنظیم کے تہذیبی مکالمے کی تفصیلات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک نے ملاقات۔ وزیر اعظم نے دہلی میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے تہذیبی مکالمے میں پاکستان کی بہترین انداز میں نمائندگی پر انہیں (بقیہ نمبر 48)

چینی خلائی مشن کی روانگی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر

پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی اور سپارکو کی پوری ٹیم پر فخر ہے، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے پاکستانی خلا باز محمد ذیشان علی اور سپارکو کی پوری ٹیم پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے چینی خلائی مشن کی چین سے روانگی کی ویڈیو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر شیئر کردی۔ اپنی پوسٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات نے خلائی مشن کی چین سے روانگی پر پاکستانی خلا باز محمد ذیشان علی اور سپارکو کی پوری ٹیم پر فخر کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاقی وزیر احسن اقبال اور چین میں (بقیہ نمبر 49)

ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کا تھانہ کینٹ کا سرپرائز وزٹ کررہے ہیں

زیر تعمیر مکان کی دیوار گرنے سے مزدور جاں بحق

لاہور (این این آئی) کچا راوی روڈ پر زیر تعمیر مکان کی دیوار گرنے سے مزدور جاں بحق ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم نے فوری رسپانس کرتے ہوئے امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ ملبے تلے دبنے والے 52 سالہ مزدور یوسف کی لاش نکال لی گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے لاش ضروری کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کردی۔

ایران کا ایک اور امریکی ایم کیو نائن ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

تہران (اے ایف پی) ایران نے ایک اور امریکی ایم کیو نائن ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ اپنے بیان میں ایرانی فوج کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز کے مشرق میں امریکی ڈرون کو سراغ لگایا گیا، ایرانی فضائی دفاعی نظام نے ڈرون کو فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ ایرانی فوج کے مطابق ایرانی حدود کی خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں، کسی بھی قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ دوسری جانب امریکی دفاعی حکام کی جانب سے تاحال ایرانی فوج کے اس دعوے پر کوئی باضابطہ ردعمل (بقیہ نمبر 50)

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کہہ دو، دیکھو کہ آسمانوں اور زمین میں کیا کچھ ہے۔ (سورہ یونس آیت 101)
ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی نے شین ژو 24 مشن کے ذریعے چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن پر بطور پے لوڈ اسپیشلسٹ منتخب سائنسی تجربات میں حصہ لے کر تاریخ رقم کر دی۔
اس عظیم الشان کامیابی پر پوری پاکستانی قوم کو دلی مبارکباد!
پاک-چین دوستی کی ایک نئی منزل
پاکستان خلائی مشن میں شمولیت پر چینی حکومت اور عوام کا مشکور ہے
مستقبل کی جانب ایک اور اُڑان
SUPARCO CMS 中国航天 CGWIC
وزارتِ اطلاعات ونشریات، حکومت پاکستان
www.moib.gov.pk /GovtofPakistan @govtofpak @GovtofPakistan Govtofpakistan
PID (I) 4843-D/26

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035